www.awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم
جلد17 منگل ، 24نومبر 2026ء ، 14 جمادی الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 209

مارگلہ ایونیو توسیع وسنگجانی انٹرچینج منصوبے پر 43 فیصد ترقیاتی کام مکمل

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی ہدایت پر منصوبے کے مختلف سیکشنز پر 24 گھنٹے تعمیراتی سرگرمیاں جاری ہیں، انڈر پاس کا سٹرکچرل ورک اور سنگجانی انٹرچینج کا پائل ورک مکمل

لوپس اور ریمپس کی تعمیر آخری مراحل میں داخل، منصوبہ خیبر پختونخوا سے آنے والے شہریوں کے لیے اہم گیٹ وے ثابت ہوگا اور اسلام آباد ایئرپورٹ تک رسائی آسان بنائے گا، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد میں واقع مارگلہ ایونیو N5 تا M1 توسیع ایکسٹینشن منصوبے پر کام جاری ہے

اسلام آباد(این ای این)وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں واقع مارگلہ ایونیو N5 تا M1 توسیع (ایکسٹینشن) وسنگجانی انٹرچینج منصوبے پر ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں اور مجموعی طور پر ابتک 43 فیصد ترقیاتی کام مکمل کئے جاچکے ہیں۔ چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) وچیف کمشنر اسلام آباد کی ہدایت پر منصوبے کے مختلف سیکشنز پر 24/7 تعمیراتی سرگرمیاں جاری ہیں۔ (بقیہ نمبر 1)

انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس غیر آئینی قرار

فیصلے سے کاروباری لاگت کم اور برآمدات کی مسابقت بڑھے گی، علی حسام اصغر

لاہور(این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر نے وفاقی آئینی عدالت پاکستان کی جانب سے 19 نومبر 2026ء کو سنائے گئے تاریخی فیصلے کا بھرپور خیر مقدم کیا ہے، جس میں درآمدات، برآمدات اور بین الصوبائی نقل وحمل پر عائد متنازع صوبائی انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس کو غیر آئینی اور قانونی اختیار سے ماورا قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کی کاروبار دوست پالیسیوں، (بقیہ نمبر 29)

حنا جاوید قتل کیس کا چالان سیشن جج کو پیش

ڈسٹرکٹ پراسیکیوٹر نے حنا جاوید قتل کیس کے چالان کی سکروٹنی کا عمل شروع کردیا، ذرائع

راولپنڈی(اے ایف بی) راولپنڈی ڈسٹرکٹ پراسیکیوٹر نے حنا جاوید قتل کیس کا چالان سیشن جج کو پیش کردیا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کل منگل اس کی ابتدائی سماعت کریں گے، ڈسٹرکٹ پراسیکیوٹر نے حنا جاوید قتل کیس کے چالان کی (بقیہ نمبر 11)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے آغاز پر تیزی

گزشتہ کاروباری ہفتے پاکستان اسٹاک ایکسچینج معمولی مندی کے ساتھ بند ہوئی تھی

کراچی(اے ایف بی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کے پہلے روز سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوتا دکھائی دیا جہاں ابتدائی کاروباری سیشن میں بینچ مارک کے ایس ای 100 انڈیکس 920 پوائنٹس بڑھ گیا (بقیہ نمبر 10)

پیپلزپارٹی کی ایم کیو ایم کے وفد سے ملاقات

دونوں جماعتوں کے رہنماؤں کے درمیان کراچی میں چھ دسمبر ریلی ملتوی کرانے سے متعلق مشاورت کی گئی

کراچی(اے ایف بی) پاکستان پیپلز پارٹی کے وفد کی سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کے چیمبر میں متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے وفد سے ملاقات، جس میں کراچی میں مجوزہ ریلی کو ملتوی کرانے کے معاملے پر بات چیت(بقیہ نمبر 9)

سی سی ڈی نے 7 گمشدہ بچوں کو تلاش کر کے والدین سے ملا دیا

بچوں کا تعلق لاہور سمیت پانچ شہروں سے ہے، والدین کا اظہارِ تشکر

لاہور (این این آئی) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (سی سی ڈی) نے مختلف شہروں سے لاپتہ ہونے والے 7 معصوم بچوں کو تلاش کر کے ان کے والدین کے حوالے کردیا۔ بازیاب بچوں کا تعلق لاہور، پاکپتن شریف، گوجرانوالہ، گجرات اور ساہیوال سے ہے۔(بقیہ نمبر 12)

پنجاب حکومت نے تین افسران کے تقرر وتبادلے کردیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے تین افسران کے تقرر وتبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سیکشن آفیسر محکمہ سی اینڈ ڈبلیو منظور احمد کو تبدیل(بقیہ نمبر 13)


PSA SQUASH TOUR
CHIEF OF THE AIR STAFF INTERNATIONAL SQUASH CHAMPIONSHIP 2026
24th - 28th NOVEMBER
MUSHAF SQUASH COMPLEX, ISLAMABAD
چیف آف دی ایئر اسٹاف انٹرنیشنل اسکواش چیمپئن شپ2026، 24 سے 28نومبر 2026 تک مصحف اسکواش کمپلیکس، اسلام آباد میں منعقد ہوگی

چیف آف دی ایئر اسٹاف انٹرنیشنل اسکواش چیمپئن شپ 2026ء

28نومبر تک جاری رہنے والے ایونٹ میں پاکستان کے 8 اور مصر، ملائیشیا وفرانس سمیت 7 ممالک کے 16 غیرملکی کھلاڑی ایکشن میں نظر آئیں گے

ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی سرپرستی میں پاک فضائیہ عالمی اسکواش میں پاکستان کا تاریخی مقام بحال کرنے کے لیے کوشاں ہے

اسلام آباد(این ای این) چیف آف دی ایئر اسٹاف انٹرنیشنل اسکواش چیمپئن شپ2026، 24 سے 28نومبر 2026 تک مصحف اسکواش کمپلیکس، اسلام آباد میں منعقد ہوگی۔ چیمپئن شپ میں آٹھ ممالک کے 24 کھلاڑی حصہ لیں گے، جن میں پاکستان کے 8 کھلاڑی جبکہ مصر، ملائیشیا، فرانس، سوئٹزرلینڈ، کینیڈا، بیلجیئم اور ہانگ کانگ، چین سے تعلق رکھنے والے 16 بین الاقوامی کھلاڑی شامل ہوں گے۔ بین الاقوامی کھلاڑیوں کی شرکت سے ایونٹ میں مسابقت کی فضا مزید گہری ہونے کی توقع ہے۔ پاک فضائیہ نے ملک (بقیہ نمبر 2)

آئی سی سی آئی میں کیوبا کے سفیر کی صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء سے ملاقات، مختلف شعبوں میں مشترکہ منصوبوں اور بی ٹو بی روابط کے فروغ پر تبادلہ خیال

دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

سفیر ڈیمیان کورڈیرو ٹوریس کی پاکستانی تاجروں کو 24 تا 26 نومبر ہوانا انٹرنیشنل فیئر میں شرکت کی دعوت، آئی ٹی، ٹیکسٹائل، ادویات اور قابلِ تجدید توانائی میں تعاون کے لیے بی ٹو بی روابط ناگزیر ہیں، صدر آئی سی سی آئی محمد ذکریا اکبر ضیاء

کیوبا کے سرمایہ کاروں اور سیاحوں کو پاکستان بالخصوص شمالی علاقہ جات کے دورے کی دعوت دی گئی، دونوں ممالک کے نجی شعبے کے درمیان مشترکہ منصوبوں اور تجارتی وفود کے تبادلوں پر مکمل اتفاق کیا گیا

اسلام آباد(فرحین سے) کیوبا کے سفیر عزت مآب ڈیمیان کورڈیرو ٹوریس نے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ICCI) کا دورہ کیا اور صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور کیوبا کے درمیان دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری تعاون کو فروغ دینے کے لیے مختلف امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اقتصادی روابط مضبوط بنانے اور نجی شعبے کے درمیان براہ راست کاروباری روابط بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ کیوبا کے سفیر نے اپنے ملک میں جاری اقتصادی وسماجی اصلاحات، غیرملکی تجارت کے فروغ اور سرمایہ کاری کے مواقع سے آگاہ کرتے ہوئے پاکستانی کاروباری برادری کو 24 سے 26 نومبر 2026ء تک منعقد ہونے والے ہوانا انٹرنیشنل فیئر (FIHAV 2026) میں شرکت اور کیوبا کے تجارتی اداروں کے ساتھ روابط قائم کرنے کی دعوت دی۔ ملاقات کے دوران چاول، زرعی اجناس، ٹیکسٹائل، ملبوسات، ادویات، سرجیکل آلات، طبی سامان، انفارمیشن ٹیکنالوجی، سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ اور کلاؤڈ سروسز سمیت متعدد شعبوں میں تجارتی تعاون کے امکانات زیر بحث آئے۔ اس کے علاوہ قابلِ تجدید توانائی، سولر پاور، مائیکروگرڈز، بیٹری اسٹوریج، انفراسٹرکچر (بقیہ نمبر 5)

ONE
SINDH YOUTH PLATFORM
VISA
کراچی: چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ تقریب میں سندھ یوتھ کارڈ کا باضابطہ افتتاح کر رہے ہیں

پاکستان کا مزید 8 لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ

گندم درآمد کیلئے بولیاں جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 نومبر مقرر جبکہ اسی روز دوپہر ڈھائی بجے تکنیکی بولیاں کھولی جائیں گی

گندم کی درآمد کے خواہشمند سپلائرز کیلئے کم از کم 5 سال کا برآمدی تجربہ اور گزشتہ پانچ سال کے دوران کم از کم 50 ہزار ٹن گندم برآمد کرنے کی شرط عائد

اسلام آباد (اے ایف بی) وفاقی حکومت نے ملک کی ضروریات پوری کرنے کے لیے 8 لاکھ میٹرک ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے تیسرا بین الاقوامی ٹینڈر جاری کر دیا، جس کے تحت عالمی سپلائرز سے بولیاں طلب کرلی گئی ہیں۔ ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) کی جانب سے جاری ٹینڈر دستاویزات کے مطابق گندم درآمد کے لیے بولیاں جمع کرانے کی آخری (بقیہ نمبر 24)

ہمیں تقسیم کی نہیں متحد ہونے کی ضرورت ہے، مراد علی شاہ

عالمی ثقافتی میلے کی کامیابی نے بتا دیا ہے کہ متحد ہوں تو ہم کیا کچھ حاصل کر سکتے ہیں

کراچی (اے ایف بی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ ہمیں تقسیم کی نہیں متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ عالمی کلچر فیسٹیول کی اختتامی تقریب سے اظہار خیال (بقیہ نمبر 25)

صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر وبیت المال سہیل شوکت بٹ پاکپتن میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف دھی رانی پروگرام کے تحت اجتماعی شادیوں کی تقریب میں ایک جوڑے کو سلامی کارڈ دے رہے ہیں

اکسنٹ کی اسلام آباد میں شاندار واپسی

20 ہزار سے زائد افراد کی شرکت

رومانیہ کے گلوکار نے سول فیسٹ ری وائنڈ 2026 میں پرفارم کیا، رومانیہ کے سفیر مہمانِ خصوصی تھے

رومانیہ کا سفارت خانہ پاکستان میں موسیقی کے فروغ کیلئے مختلف ثقافتی اور تعلیمی سرگرمیوں میں بھی حصہ لے رہا ہے

اسلام آباد (فرحین سے) رومانیہ کے معروف پاپ گلوکار اکسنٹ (Akcent) نے اسلام آباد کے ایف نائن پارک میں منعقد میوزک فیسٹیول “سول فیسٹ ری وائنڈ2026” میں شاندار پرفارمنس پیش کی، جسے دیکھنے کے لیے20 ہزار سے زائد افراد جمع ہوئے۔ تین روزہ میوزک فیسٹیول کے آخری روز اکسنٹ نے رات تقریباً 9 بجے اسٹیج سنبھالا۔ ان کی آمد پاکستانی مداحوں کے لیے(بقیہ نمبر 6)

Kashmir
Soul
رومانیہ کے معروف پاپ گلوکار اکسنٹ (Akcent) نے اسلام آباد کے ایف نائن پارک میں منعقد میوزک فیسٹیول “سول فیسٹ ری وائنڈ2026” میں شاندار پرفارمنس کے موقع پر گروپ فوٹو

300 سے زائد وارداتوں میں ملوث 4 ملزمان گرفتار

کراچی(این این آئی) پاکستان رینجرز (سندھ) نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر کراچی کے علاقے میمن گوٹھ میں کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائم کی 300 سے زائد وارداتوں میں ملوث چار ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان پاکستان رینجرز سندھ کے مطابق گرفتار ملزمان میں زین العابدین، شایان، اکبر عرف شانی اور راشد رشید شامل ہیں۔ ملزمان کے قبضے سے پانچ پستول، (بقیہ نمبر 19)

واٹس ایپ نے گروپ ممبرز کی حد بڑھا کر 1500 کردی

اس سہولت کا اطلاق عام گروپ چیٹس کے ساتھ کمیونٹی گروپس پر بھی ہوگا

نیویارک(آئی آئی پی) واٹس ایپ نے گروپ چیٹس میں ممبرز کی زیادہ سے زیادہ تعداد 1024 سے بڑھا کر 1500 کردی ہے، نئی اپ ڈیٹ کے بعد گروپ ایڈمنز ایک گروپ میں بیک وقت 1500 افراد شامل کرسکیں گے۔ ٹیکنالوجی ویب سائٹ واٹس ایپ (بقیہ نمبر 26)

سرکاری افسر کے گھر میں تشدد سے 13 سالہ بچی کی ہلاکت کیس

تحقیقات کیلئے جوائنٹ انوسٹی گیشن ٹیم تشکیل دینے کی اہم درخواست دائر کردی

اسلام آباد(آئی آئی پی) وفاقی دارالحکومت پولیس لائن میں سرکاری افسر کے گھر میں تشدد سے 13 سالہ بچی ہلاکت کیس نے نیا رخ اختیار کرلیا، بچی ہلاکت کیس تحقیقات کے لیے جوائنٹ انوسٹی گیشن ٹیم تشکیل دینے کی اہم درخواست دائر کردی گئی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے پولیس سمیت دیگر فریقین کو پری ایڈمیشن نوٹس جاری کر دیا۔ جسٹس اعظم خان نے درخواست گزار وکیل یاسر ندیم ردھے کی پٹیشن پر آرڈر جاری کیا(بقیہ نمبر 14)

دنیا بھر میں ایڈز سے بچاؤ کا عالمی دن یکم دسمبر کو منایا جائے گا

ٹھٹھہ صادق آباد(این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ایڈز سے بچاؤ کا عالمی دن یکم دسمبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد ایڈز جیسی مہلک مرض سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر کے بارے میں شعور وآگاہی (بقیہ نمبر15)

مریم نواز کا تاریخی اور بھرپور استقبال کیا جائیگا

ایم پی اے زیب النسا

مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبہ بھر بالخصوص راولپنڈی میں ریکارڈ ترقیاتی کام ہوئے اور ترقی کا سفر تیزی سے جاری ہے

ایم این اے طاہرہ اورنگزیب کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ بھرپور فعال ہے، تمام تیاریاں مکمل کرلی گئیں، بیان

راولپنڈی(این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی راولپنڈی آمد پر اہلیان شہر بھرپور استقبال کریں گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبہ میں ترقی کا سفر تیزی سے جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار رکن صوبائی اسمبلی پنجاب زیب النسا نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف منگل کو راولپنڈی کا دورہ کریں گی۔ اس حوالے سے رکن (بقیہ نمبر 3)

بہاولپور، ٹریفک حادثے میں 7 افراد جاں بحق

سڑک کنارے کھڑے منی ٹرک پر پتھروں سے لوڈ ٹرک الٹ گیا، ریسکیو

بہاولپور (اے ایف بی) بہاولپور کے علاقے خیر پور ڈاہا کے قریب ٹریفک حادثے میں 7 افراد جاں بحق اور دو زخمی ہوگئے۔ ریسکیو کے مطابق سڑک کنارے کھڑے منی ٹرک پر پتھروں سے لوڈ ٹرک الٹ گیا۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ حادثے کے وقت منی(بقیہ نمبر 16)

کراچی: وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان ایکسپو سینٹر میں ٹی ڈیپ کے زیر اہتمام منعقدہ فوڈ اینڈ ایگری کلچر نمائش کے افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

غلامی سے نجات کا عالمی دن 2 دسمبر کو منایا جائے گا

جہانیاں (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں غلامی سے نجات کا عالمی دن 2 دسمبر کو منایا جائے گا اس دن کو منانے کا مقصد، انسانی سمگلنگ، بچوں کی جبری شادی، چائلڈ لیبر، جنسی استحصال جیسے سنگین جرائم کے خاتمے اور انسانیت کی آزادی کا شعور متعارف(بقیہ نمبر 17)

“کمپیوٹر سکیورٹی ڈے” 30 نومبر کو منایا جائے گا

جہانیاں (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں کمپیوٹرز کی حفاظت کا عالمی دن “کمپیوٹر سکیورٹی ڈے”30 نومبر کو منایا جائے گا، اس دن کو منانے کا مقصد کمپیوٹر صارفین کو اپنے کمپیوٹرز میں موجود قیمتی ڈیٹا، پروگرامز اور ہارڈ ویئر کو وائرس اور دیگر خطرات سے محفوظ رکھنے کیلئے آگاہی فراہم کرنا ہے، کمپیوٹر سکیورٹی (بقیہ نمبر 18)

گوجرانوالہ، بوری بند لاش کا معمہ حل

ادھار کی رقم واپس مانگنے پر دوست کا قتل، 2 ملزمان گرفتار

گوجرانوالہ (اے ایف بی) گوجرانوالہ کے علاقے جنڈیالہ باغوالہ میں بوری بند لاش ملنے کے واقعے کا معمہ حل ہوگیا، پولیس نے قتل میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ سی پی او صہیب اشرف کے مطابق مقتول کو اس کے دوستوں نے ہی قتل کیا تھا۔ پولیس(بقیہ نمبر 20)

شہید جوان عبداللہ عاربی کو فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک

شہید عبداللہ عاربی کا جسد خاکی آبائی گاؤں پہنچنے پر فضا سوگوار ہوگئی

قطب پور(اے ایف بی) بلوچستان کے ضلع نوشکی میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن کے دوران شہید ہونے والے پاک فوج کے جوان عبداللہ عاربی کو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ ان کے آبائی علاقے قطب پور میں سپرد خاک کردیا گیا۔ شہید عبداللہ عاربی (بقیہ نمبر 21)

صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی، پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے لئے آرہے ہیں

وزیراعلیٰ کی راولپنڈی آمد ستھرا پنجاب ایجنسی کا خصوصی صفائی آپریشن شروع

اہم شاہراہوں، چوکوں اور بازاروں میں مکینیکل سویپنگ، واشنگ اور دستی صفائی کے لیے خصوصی ٹیمیں اور مشینری متحرک کردی گئیں

تمام افسران فیلڈ میں رہ کر صفائی آپریشن کی نگرانی کریں، کسی مقام پر کوڑا کرکٹ جمع نہ ہونے دیا جائے، ایم ڈی رانا ساجد صفدر

راولپنڈی(این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی 24 نومبر بروز منگل راولپنڈی آمد کے سلسلے میں ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی نے شہر بھر میں خصوصی صفائی آپریشن شروع کردیا ہے۔ شہر کی اہم شاہراہوں، چوکوں، بازاروں، گرین بیلٹس، فٹ پاتھوں اور عوامی مقامات کی صفائی کے لیے خصوصی ٹیمیں اور مشینری متحرک کر دی گئی ہیں۔ اس موقع پر ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا(بقیہ نمبر 7)

عالمی منڈی میں سونے کی قیمت میں 36 فیصد کمی

16 روز کے دوران فی تولہ قیمت میں تقریبا 60 ہزار روپے کی کمی ریکارڈ

نیویارک(آئی آئی پی) عالمی منڈی میں سونے کی قیمتوں میں شدید گراوٹ کے باعث پاکستان کی مقامی صرافہ مارکیٹ میں بھی سونا سستا ہوگیا، صرف 16 روز کے دوران فی تولہ قیمت میں تقریبا 60 ہزار روپے کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمت ایک ہفتے کے دوران تقریبا 10 فیصد گر گئی اور فی اونس قیمت 3 ہزار 524 سے 3 ہزار 538 ڈالر کی سطح تک پہنچ گئی، جو گزشتہ 14 ماہ کی کم ترین سطح ہے۔ سونے کی (بقیہ نمبر 27)

خواتین پر تشدد کے خاتمے کا عالمی دن کل منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواتین پر تشدد کے خاتمے کا عالمی دن (کل)25 نومبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد خواتین پر گھریلو تشدد، جسمانی تشدد اور ان کے مسائل کے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے اس دن کے (بقیہ نمبر 28)

راولپنڈی بورڈ جدید ڈیجیٹل امتحانی نظام کی جانب گامزن

پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی کی جانب سے امتحانی اصلاحات کے تسلسل میں اہم پیش رفت

کنٹرولر امتحانات مبشر سعید کے مختلف امتحانی مراکز کے دورے، انتظامات اور ایس او پیز کا تفصیلی جائزہ

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی کے زیرِ اہتمام انٹرمیڈیٹ سیکنڈ اینول امتحانات 2026ء کے سلسلے میں پارٹ اوّل کے مضمون کمپیوٹر سائنس کا پرچہ آن اسکرین مارکنگ سسٹم کے تحت منعقد کیا گیا۔ یہ اقدام پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی کی جانب سے بورڈ میں جدید ڈیجیٹل امتحانی نظام کے نفاذ اور امتحانی اصلاحات کو عملی شکل دینے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ آن اسکرین مارکنگ سسٹم کے تحت طلبہ کی جوابی کاپیوں کی جانچ جدید ڈیجیٹل طریقہ کار کے(بقیہ نمبر 4)

آن لائن اسکرین مارکنگ سسٹم کے تحت پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود چیئرمین تعلیمی راولپنڈی امتحانی مراکز کا دورہ کر رہے ہیں

عوامی تحریک کا بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لینے کا فیصلہ

یونین کونسل کی سطح پر امیدوار کھڑے کیے جائیں گے، سعید احمد اور محمد شفیق احسن کی شمالی پنجاب کی اہم تنظیمی میٹنگ میں شرکت

چوآسیدن شاہ میں بھی کارکنوں کو متحرک کرنے کے لیے مشاورتی نشست، بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں کیلئے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال

چکوال (خاور شہزاد) پاکستان عوامی تحریک تحصیل چوآسیدن شاہ کے صدر سعید احمد اور جنرل سیکرٹری محمد شفیق احسن نے اسلام آباد میں منہاج ہاؤس میں پاکستان عوامی تحریک شمالی پنجاب کے صدر قاضی محمد شفیق الرحمٰن کی دعوت پر منعقدہ اہم تنظیمی میٹنگ میں خصوصی شرکت کی، جس میں آمدہ بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کے بعد متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ پاکستان عوامی تحریک یونین کونسل کی سطح تک اپنے امیدوار میدان میں اتارے گی۔ اجلاس میں چکوال، تلہ(بقیہ نمبر 8)

پاکستان عوامی تحریک تحصیل چوآسیدن شاہ کے صدر سعید احمد اور جنرل سیکرٹری محمد شفیق احسن کی زیر صدارت اجلاس

لکی مروت میں پولیس وین پر دھماکا، دو اہلکاروں سمیت 5 افراد زخمی

حملے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا جبکہ تمام زخمیوں کو سٹی ہسپتال لکی سٹی منتقل کردیا گیا

پشاور(اے ایف بی) لکی مروت میں تھانہ صدر پولیس وین پر آئی ای ڈی دھماکے کے نتیجے میں دو اہلکاروں سمیت پانچ افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حملے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا جبکہ تمام زخمیوں کو سٹی اسپتال لکی سٹی منتقل کردیا گیا۔ زخمی ہونے والے(بقیہ نمبر 22)

نائیجیریا، لوگوں کو جنازے میں لے جانے والی کشتی الٹ گئی

جس کے نتیجے میں کم از کم 24 افراد ہلاک ہوگئے، 24 افراد کو بچالیا گیا

ابوجا(آئی آئی پی) جنوبی نائیجیریا میں جنازے کے لیے لوگوں کو لے جانے والی ایک کشتی الٹ گئی جس کے نتیجے میں کم از کم 24 افراد ہلاک ہوگئے۔ نائیجیریا کی نیشنل ایمرجنسی مینجمنٹ ایجنسی کے ترجمان منزوایز کی نے ایک بیان میں کہا کہ کشتی مسافروں کو ایک(بقیہ نمبر 23)

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بڑھتے حادثات اور ٹریفک مینجمنٹ

پنجاب ایمرجنسی سروس کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں صوبہ بھر میں 1430 سے زائد ٹریفک حادثات رپورٹ ہوئے جن میں 12 افراد جاں بحق اور 1665 زخمی ہوئے۔ روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں ٹریفک حادثات میں بیسویں افراد کا جاں بحق اور سینکڑوں افراد کا عمر بھر کیلئے معذور ہو جانا ایک ایسا قومی المیہ بن چکا ہے جس پر فوری توجہ کی ضرورت ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں ٹریفک پولیس کی ذمہ داری صرف چالانوں کا ہدف پورا کرنے اور بھاری جرمانے عائد کرنے تک محدود ہو کر رہ گئی ہے جس کی وجہ سے ٹریفک مینجمنٹ سے متعلقہ مسائل پس پشت چلے گئے ہیں۔

متعلقہ اداروں کو اپنی بنیادی ذمہ داری یعنی ٹریفک کی روانی' لین اور ڈسپلن کی پابندی' اوورلوڈنگ کی روک تھام اور خطرناک مقامات پر بروقت رہنمائی کو بہتر بنانا ہوگا تاکہ حادثات کی شرح کو نیچے لایا جا سکے۔ ملک کے بالائی اور میدانی علاقوں میں دھند کے آغاز کے ساتھ ہی بڑی شاہراہوں پر حادثات کے خدشات کئی گنا بڑھ گئے ہیں۔ دھند کے دوران حدِ نگاہ کم ہونے کی وجہ سے معمولی غفلت بھی بڑے سانحے کو جنم دے سکتی ہے۔ لہٰذا پیشگی اور مؤثر ٹریفک مینجمنٹ ناگزیر ہے۔ ضروری ہے کہ شاہراہوں پر فوگ لائٹس' ریفلیکٹرز کی تنصیب اور دھند سے متعلق دیگر پابندیوں کو یقینی بنایا جائے تاکہ ٹریفک حادثات کی مؤثر روک تھام ہو سکے۔

چینی، سونا، آٹے اور ماہی گیری کے معاشی اثرات

سونا صدیوں سے دنیا بھر میں محفوظ سرمایہ کاری اور معاشی غیر یقینی حالات کے خلاف تحفظ کی علامت سمجھا جاتا ہے لیکن حالیہ دنوں میں عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمتوں میں نمایاں کمی نے سرمایہ کاروں کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے۔ جنوری 2026ء کی ریکارڈ بلند سطح کے مقابلے میں سونا تقریباً 31.5 فیصد نیچے آ چکا ہے۔ دنیا میں جنگی کشیدگی' مہنگائی کے خدشات اور معاشی غیر یقینی صورتحال کے باوجود سونے کی قیمت بڑھنے کے بجائے گر رہی ہے۔ اس کی بنیادی وجہ امریکی ڈالر کی مضبوطی' امریکی بانڈز پر منافع میں اضافہ اور امریکی فیڈرل ریزرو کی جانب سے شرح سود بڑھانے کے امکانات ہیں۔ پاکستان کی معیشت پر اس گراوٹ کے مختلف اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ زیادہ فائدہ ان لوگوں کو ہو سکتا ہے جو شادی بیاہ یا ذاتی استعمال کے لیے زیورات خریدنا چاہتے ہیں۔ سونے کی قیمت کم ہونے سے زیورات کی خریداری نسبتاً آسان ہو سکتی ہے اور جیولری کے کاروبار میں سرگرمی بڑھ سکتی ہے۔ تاہم پاکستان میں زیورات کی قیمت محض سونے کے عالمی نرخ سے طے نہیں ہوتی بلکہ روپے کی قدر' درآمدی لاگت' مقامی پریمیم اور مزدوری جیسے عوامل بھی اس پر اثرانداز ہوتے ہیں۔ دوسری جانب مرکزی بینک کے سونے کے ذخائر کی مالیت عالمی قیمتوں سے متاثر ہو سکتی ہے۔ جون 2026ء میں تقریباً 2.334 ٹریلین روپے کے سونے کے ذخائر تھے' جبکہ جون 2025ء میں یہ مالیت 1.942 ٹریلین روپے تھی۔ عالمی قیمتوں میں کمی سے ان ذخائر کی قدر کم ہو سکتی ہے' لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ پاکستان کے نقد زرمبادلہ کے ذخائر بھی اسی تناسب سے کم ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ سونے کی گرتی ہوئی قیمتوں سے پاکستان کے تجارتی توازن پر اثر پڑ سکتا ہے۔ اگر سونا عالمی مارکیٹ میں مزید سستا ہوتا ہے تو درآمدات کی صورت میں اس کی لاگت کم ہو سکتی ہے' لیکن اگر قیمتوں میں کمی کے بعد مقامی طلب اور درآمدات بڑھ جائیں تو مزید زرمبادلہ بھی اس پر خرچ ہو سکتا ہے۔ اس لیے یہ کہنا شاید درست نہ ہو کہ سونے کی عالمی قیمت میں کمی پاکستان کے لیے تجارتی خسارے میں کمی کا سبب بن سکتی ہے۔

ملکی معیشت میں زراعت' ٹیکسٹائل اور لائیو سٹاک بہت اہمیت کے حامل شعبے ہیں۔ ان کے ساتھ ماہی گیری کا شعبہ بھی اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ ورلڈ فشیریز ڈے کے موقع پر وفاقی وزیر برائے بحری امور نے اس شعبے میں بہتری لانے کے اعلان کیا ہے لیکن ابھی شاید بہت کام ہونا باقی ہے۔ مالی سال 2025-26ء کے پہلے نو ماہ میں پاکستان کی مچھلی کی مجموعی پیداوار چھ لاکھ 42 ہزار 180 میٹرک ٹن رہی۔ اس میں سمندری شکار سے چار لاکھ 27 ہزار 180 ٹن جبکہ دریاؤں' جھیلوں اور دیگر اندرونی آبی وسائل سے دو لاکھ 15 ہزار ٹن مچھلی حاصل ہوئی۔ یعنی مجموعی پیداوار میں تقریباً 66.5 فیصد حصہ سمندری جبکہ 33.5 فیصد حصہ اندرونی آبی وسائل کا تھا۔ فی الحال برآمدات میں مچھلی اور اس سے تیار ہونے والی مصنوعات کا حصہ محدود ہے۔ اس شعبے سے دس لاکھ سے زائد افراد براہِ راست روزگار حاصل کرتے ہیں جبکہ تقریباً 15 لاکھ افراد کا بالواسطہ روزگار اس صنعت سے وابستہ ہے۔ ملک میں 100 سے زائد مچھلی پراسیسنگ پلانٹس اور تقریباً 400 رجسٹرڈ برآمد کنندگان کام کر رہے ہیں۔ اس کے باوجود ماہی گیری کا مجموعی ملکی پیداوار میں حصہ محض 0.31 فیصد ہے۔ پاکستان میں اس صنعت کا سب سے بڑا مسئلہ مچھلی پکڑنے کے بعد اسے محفوظ رکھنے اور عالمی معیار کے مطابق تیار کرنے سے متعلق ہے۔ ناقص کولڈ چین' برف کی کمی اور غیر معیاری نقل وحمل کی وجہ سے تقریباً 15 سے 20 فیصد مچھلی پراسیسنگ پلانٹس تک پہنچنے سے پہلے ہی ضائع ہو جاتی ہے۔ اگر اس نقصان کو کم کر دیا جائے تو موجودہ پیداوار ہی سے برآمدات میں اضافہ ممکن بنایا جا سکتا ہے۔ تاہم اس کیلئے جدید کولڈ سٹوریج' ریفریجریٹڈ گاڑیوں' آئس پلانٹس اور جدید فش ہاربرز کی ضرورت ہے۔

حکومت نے چار لاکھ 16 ہزار میٹرک ٹن مزید چینی برآمد کرنے کی اجازت دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس سے پہلے اگست میں ایک لاکھ آٹھ ہزار ٹن درآمد شدہ چینی برآمد کرنے اور ستمبر میں دو لاکھ ٹن مقامی چینی برآمد کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔ اب سوال یہ ہے کہ حکومت کو بار بار برآمدی کوٹہ مقرر کرنے کی ضرورت کیوں پیش آ رہی ہے؟ کیا یہ ملکی معیشت اور کسانوں کے مفاد میں ہے یا اس پالیسی سے شوگر ملز کو ہی فائدہ پہنچ رہا ہے؟ حکومت کا مؤقف ہے کہ چینی کی برآمد سے شوگر ملوں کو نقد رقم حاصل ہوگی جس سے وہ کسانوں کو گنے کی ادائیگیاں بروقت کر سکیں گی۔ لیکن اب تک یعنی نومبر میں پنجاب کی 47 شوگر ملوں میں سے صرف ایک کے باقاعدہ کرشنگ شروع کرنے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ کسانوں نے شکایت کی ہے کہ ملیں بروقت گنا نہیں خرید رہیں جس سے فصل کا وزن اور معیار متاثر ہو رہا ہے اور گندم کی کاشت میں بھی تاخیر کا خدشہ پیدا ہو رہا ہے۔ بعض کسانوں کے مطابق انہیں 350 روپے فی من سے کم قیمت کی پیشکش کی جا رہی تھی' جو اُن کے پیداواری اخراجات سے بھی کم تھی۔ یہ اعداد وشمار اور کسانوں کی شکایات اس سوال کو جنم دیتی ہیں کہ اگر حکومت کسانوں کے مفاد میں چینی برآمد کرنے کی اجازت دے رہی ہے تو پھر کسانوں کو ان کی فصل کی مناسب قیمت اور بروقت ادائیگی کیوں یقینی نہیں بنائی جا رہی؟ پاکستان میں تقریباً 79 شوگر ملیں ہیں اور یہ اپنی مجموعی پیداواری صلاحیت کا صرف 60 فیصد استعمال کر رہی ہیں۔ پاکستان گزشتہ دس سال میں تقریباً 39 لاکھ 20 ہزار ٹن چینی برآمد کر چکا ہے' جس سے تقریباً ایک ارب 60 کروڑ ڈالر زرمبادلہ حاصل ہوا۔ لیکن اسی عرصے میں تقریباً پانچ لاکھ 65 ہزار ٹن چینی درآمد بھی کرنا پڑی۔ سوال یہ ہے کہ ایک ایسا ملک جو چینی برآمد بھی کرتا ہے اور ضرورت پڑنے پر درآمد بھی' وہاں پیداوار' ذخائر اور برآمدات کی منصوبہ بندی میں مستقل مزاجی کیوں نہیں آ رہی؟ دوسری طرف پنجاب حکومت نے گندم اور آٹے کی قیمتوں کے حوالے سے ایک نیا فیصلہ کیا ہے۔ گندم کی سرکاری قیمت 4500 روپے فی 40 کلوگرام اور 10 کلو آٹے کے تھیلے کی زیادہ سے زیادہ قیمت 1275 روپے مقرر کر گئی ہے۔ صوبائی حکومت نے اس مرتبہ صرف قیمتیں مقرر کرنے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ گندم کی فراہمی' پسائی اور آٹے کی فروخت کو ڈیجیٹل نظام کے ذریعے مانیٹر کرنے اور فلور ملوں کے لیے روزانہ رپورٹنگ بھی لازمی قرار دی ہے۔ بظاہر اس اقدام کا مقصد سرکاری گندم کی خورد برد روکنا' آٹے کی دستیابی یقینی بنانا اور صارفین کو مقررہ قیمت پر آٹا فراہم کرنا ہے' لیکن سوال یہ ہے کہ کیا اس فیصلے سے عوام کو ریلیف مل سکے گا؟ کیونکہ اس فیصلے سے گندم تقریباً 18.4 فیصد اور آٹا تقریباً 15.9 فیصد مہنگا ہو گیا ہے۔ اس کے ساتھ پنجاب حکومت نے فلور ملوں کو سرکاری گندم کی روزانہ فراہمی تین ہزار میٹرک ٹن سے بڑھا کر چھ ہزار میٹرک ٹن کر دی ہے' یعنی سرکاری گندم کے یومیہ اجرا میں 100 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اس فیصلے کے نتیجے میں اگر یہی مقدار پورا مہینہ جاری رہی تو سرکاری گندم کی ماہانہ فراہمی 90 ہزار ٹن سے بڑھ کر تقریباً ایک لاکھ 80 ہزار ٹن ہو سکتی ہے۔ بظاہر حکومت کا مقصد فلور ملز کو زیادہ گندم فراہم کر کے آٹے کی پیداوار بڑھانا اور مارکیٹ میں دستیابی بہتر بنانا ہے۔ مجموعی سرکاری ذخائر میں اضافے کے شواہد سامنے نہیں آ سکے۔ اصل سوال یہ ہے کہ آیا چھ ہزار ٹن روزانہ کی فراہمی پنجاب کی مجموعی طلب پوری کرنے کے لیے کافی ہے؟ اس کے لیے ضروری ہے کہ حکومت صوبے کی یومیہ آٹے کی کھپت' سرکاری ذخائر اور ضلع وار گندم کی تقسیم کے اعداد وشمار پیش کرے۔

خلیج کی جنگ، پاکستانی ثالثی اور امن

جاوید حفیظ

گزشتہ آٹھ ماہ سے خلیجی ممالک جنگ اور امن کے مابین معلق ہیں۔ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے امریکہ کو جنگ پر تو آمادہ کر لیا لیکن اب جنگ سے نکلنے کا راستہ نہیں مل رہا۔ ایرانی شرائط پر جنگ ختم کرنا صدر ٹرمپ کی پہاڑ جیسی اَنا کیلئے بے حد مشکل ہے۔ جنگ کی وجہ سے مڈٹرم الیکشن بُری طرح ہارے ہیں' پھر بھی فرما رہے ہیں کہ الیکشن میں پارٹی ہاری ہے میں نہیں ہارا۔ موصوف بُری طرح نرگسیت کا شکار ہیں اور اب بھی اپنے آپ کو عقلِ کل سمجھتے ہیں حالانکہ ان کے غلط فیصلوں سے پوری دنیا کی معیشت بُری طرح متاثر ہوئی ہے اور جنگ کے منفی اثرات عام امریکی شہری تک بھی گئے ہیں' تبھی تو الیکشن میں بھاری شکست ہوئی ہے۔ دوسری جانب ایران کی خوداعتمادی میں انتہائی مشکل حالات کے باوجود اضافہ ہوا ہے۔

پاکستان اس جنگ سے براہِ راست متاثر ہوا ہے۔ انرجی کی قیمتیں بے تحاشا بڑھی ہیں۔ پٹرول' ڈیزل کی قیمتیں بڑھنے سے تمام اشیائے صرف کی قیمتوں نے چھلانگیں لگائی ہیں۔ خلیجی ممالک کی معیشت آبنائے ہرمز کی وجہ سے کساد بازاری کا شکار ہے۔ بحری جہازوں اور آئل ٹینکرز کے کرائے اور انشورنس آسمان سے باتیں کر رہے ہیں مگر صدر ٹرمپ کے سر میں ایک ہی سودا سمایا ہوا ہے کہ کہیں ایران جوہری ہتھیار بنا کر اسرائیل کا ہم پلہ نہ بن جائے۔ دبئی کے ہوٹل آدھے خالی پڑے ہیں۔ دوحہ کی رونقیں بحال ہو رہی ہیں مگر مکمل طور پر نارمل ہونے میں وقت لگ سکتا ہے۔ امن کی آشا لیے قطری حکومت بھی اب ثالثی میں تندہی سے کام کر رہی ہے۔ خلیجی ممالک میں ساٹھ لاکھ پاکستانی کام کر رہے ہیں۔ بے شمار پاکستانی شہریوں کی روزی روٹی' تعلیم اور صحت کے اخراجات ہمارے یہ جفاکش لوگ اپنی محنت کی کمائی سے پورے کر رہے ہیں۔ خلیج میں جو اقتصادی حالات ہیں اس کی وجہ سے ہمارے ہزاروں محنت کش روزگار سے محروم ہو سکتے ہیں' کیا حکومت نے اس منظرنامے کا کبھی سوچا ہے؟

سعودی عرب اور ایران سے روحانی تعلق کے علاوہ اب خلیجی ممالک کے ساتھ ہمارے اقتصادی مفادات بھی خاصے گہرے ہیں۔ پاکستان کی آئندہ اقتصادی ترقی میں خلیجی ممالک میں اشیائے خوردنی کی ڈیمانڈ کردار ادا کر سکتی ہے۔ لیکن وہاں اشیائے صرف کی مانگ تب بڑھے گی اگر امن ہوگا' خوشحالی واپس آئے گی' قوتِ خرید بڑھے گی۔ پاکستان شروع سے خلیجی امن کیلئے پوری تندہی سے کوشاں رہا ہے۔ جب اسلام آباد ایم او یو پر دستخط ہوئے تھے تو یہ پاکستان کیلئے ایک فخریہ لمحہ تھا۔ لیکن اس ایم او یو پر طرفین نے عمل نہیں کیا اور خلیج کے حالات پھر سے مخدوش ہو گئے۔ آبنائے ہرمز اب دو عملی کا شکار ہے' یعنی ایران کا تسلط بھی قائم ہے اور امریکہ کا بھی۔

لبنان میں اسرائیل نے بڑی حد تک حزب اللہ پر برتری حاصل کر لی ہے مگر یمن میں حوثی خاصے فعال ہو گئے ہیں۔ باب المندب سے قربت کی وجہ سے حوثیوں کی Nuisance value اچھی خاصی ہے اور یہ باقاعدگی سے سعودی عرب پر ڈرون حملے کر رہے ہیں۔ اسی صورتحال کا مقابلہ کرنے کیلئے سعودی عرب' ترکیہ اور پاکستان کے دفاعی ادارے مسلسل رابطے میں ہیں۔

گزشتہ ایک ماہ میں تین چار ایسے واقعات ہوئے جنہیں پاکستان مخالف میڈیا نے خوب شہ دی اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ پاکستان اور ایران میں دوریاں بڑھ رہی ہیں۔ اس ماہ کے آغاز میں ایرانی حکومت نے اعلان کیا کہ چین' بھارت' قطر اور عراق کے بحری جہاز بغیر کسی روک ٹوک کے آبنائے ہرمز سے گزر سکتے ہیں۔ اس لسٹ سے پاکستان کا نام غائب تھا۔ اس سے چند روز پہلے قطر کا ایک گیس بردار ٹینکر خلیج میں حملے کا نشانہ بنا' یہ جہاز پاکستان آ رہا تھا۔ عام خیال تھا کہ حملہ ایران کی طرف سے ہوا۔ گو کہ اس بات کی تصدیق نہیں ہو سکی۔ عسکری قیادت نے ایران کا دورہ کیا تو کہا گیا کہ ایرانی رویے میں سرد مہری نمایاں تھی۔ مذکورہ بالا ساری باتیں پروپیگنڈا کے زمرے میں آتی ہیں اور یہ حقیقت سے خاصی دور ہیں۔ پاکستانی جہازوں کو ایرانی استثنیٰ کئی مہینوں سے حاصل ہے۔ قطر کے گیس ٹینکر پر کس نے حملہ کیا' یہ بات ابھی حل طلب ہے۔ قطر اور پاکستان دونوں کے ساتھ ایران کے دوستانہ تعلقات ہیں۔ بارڈر پر تجارت بھی ایک ہفتہ بعد دوبارہ کھل گئی اور دراصل بارڈر سکیورٹی عوامل کی وجہ سے بند ہوا تھا۔ اس بارڈر پر نارکوٹکس کی سمگلنگ ہوتی رہی ہے۔ انسانی سمگلنگ ایک الگ مسئلہ ہے۔ دہشت گردی کے خطرات دونوں طرف منڈلاتے رہتے ہیں۔ ان خطرات سے نپٹنے کیلئے ایران اور پاکستان کے مابین تعاون جاری ہے۔ پھر یہ کہا گیا کہ مکہ دفاعی معاہدے کا اصل ہدف ایران ہے' اس بیانیے کی قلعی تو خود ایرانی حکام نے کھول دی ہے جب سعودی عرب' ترکیہ اور پاکستان کا مشترکہ مشن تہران گیا تو اسے حکومتی سطح پر خاص پذیرائی ملی۔ وفد کو یہ بھی بتایا گیا کہ ایران دفاع کیلئے خطے کے ممالک کا اپنا بنایا ہوا مقامی نظام چاہتا ہے۔ یاد رہے کہ جب مکہ دفاعی معاہدے پر دستخط ہوئے تھے تب بھی ایرانی حکومت نے مخالفت نہیں کی تھی۔ تقریباً ایک ماہ قبل اسلام آباد کے ایک معروف تھنک ٹینک نے سابق ایرانی وزیر خارجہ ڈاکٹر جواد ظریف کے ساتھ آن لائن مکالمے کا اہتمام کیا۔ صدر اوباما کے دور میں امریکہ کے ساتھ جوہری معاملات پر ایران کی نمائندگی جواد ظریف ہی کرتے تھے اور طویل مذاکرات کے نتیجے میں ایک جامع معاہدہ تشکیل پایا تھا۔ صدر ٹرمپ نے اپنے پہلے عہد صدارت میں اس معاہدے سے علیحدگی اختیار کر لی تھی۔ بڑی وجہ یہ تھی کہ یہ معاہدہ اسرائیل کو پسند نہیں تھا کیونکہ ایران پر جوہری افزودگی محدود رکھنے کی مدت صرف پندرہ سال تھی اور اسرائیل کو خدشہ تھا کہ پندرہ سال گزر جانے کے بعد ایران ایٹمی ہتھیاروں کی دوڑ میں شامل ہو جائے گا۔ بعد میں یہ نیتن یاہو اور ٹرمپ کا مشترکہ خوف بن گیا اور موجودہ جنگ پر منتج ہوا۔ ڈاکٹر جواد ظریف کے ساتھ آن لائن مکالمے کیلئے مڈل ایسٹ اور ایران شناس چیدہ چیدہ اشخاص کو بلایا گیا تھا تاکہ نشست دلچسپ رہے اور سودمند بھی ہو۔ ڈاکٹر جواد ظریف نے کھل کر کہا کہ وہ مکہ دفاعی معاہدے کے حامی ہیں۔

ایک تاثر یہ بھی ہے کہ اب ایران اور امریکہ کے مابین ثالثی کے فرائض قطر کو سونپ دیے گئے ہیں۔ یہ تاثر بھی درست نہیں ہے۔ قطر اور پاکستان کی کوششیں متوازی چل رہی ہیں اور دونوں ایک دوسرے سے رابطے میں ہیں۔ قطر کے دونوں متحارب ممالک کے ساتھ دوستانہ مراسم ہیں۔ گیس کا بہت بڑا فیلڈ خلیجی پانیوں کی تہہ میں ہے اور یہاں ایران اور قطر دونوں شریک ہیں' لہٰذا دونوں کا تعاون قدرتی امر ہے۔ امریکہ کا بہت بڑا ہوائی اڈہ قطر میں موجود ہے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ امیر قطر نے ایک اعلیٰ قسم کا ہوائی جہاز صدر ٹرمپ کو تحفے میں دیا تھا۔ ایک بات اور قابلِ ذکر ہے اور وہ یہ کہ ایران کے کچھ منجمد اثاثے قطری بینکوں میں پڑے ہیں۔ ایک رائے یہ بھی ہے کہ اگر یہ ایرانی اثاثے واپس کر دیے جائیں اور اس کے عوض ایران اپنے ایٹمی پروگرام کی عالمی انسپکشن پر راضی ہو جائے تو اس جنگ کا خاتمہ ہو سکتا ہے۔

پاکستان کا ثالثی کا کردار بھی جاری ہے۔ حال ہی میں اسلام آباد میں ہونے والی ای سی او وزارتی کانفرنس میں ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے پاکستان کے کردار کی تعریف کی۔ پاکستانی قیادت کا کہنا تھا کہ وہ امن کی کوششوں میں مصروف ہیں اور یہ جاری رہیں گی۔ عباس عراقچی کا ایرانی وفد کے قائد کے طور پر اسلام آباد آنا اس بات کا ثبوت ہے کہ دونوں برادر ممالک کے تعلقات میں کوئی تناؤ نہیں اور یہ بھی یاد رہے کہ پاکستان کو ثالثی کیلئے سب سے پہلے امریکہ نے کہا تھا۔ اس جنگ کے بے شمار نقصانات کے برعکس ایک فائدہ یہ ہوا ہے کہ امریکی عوام نے آنکھیں بند کر کے اسرائیل کی سپورٹ بند کر دی ہے۔ پاکستان کو امن کیلئے کوششیں جاری رکھنی چاہئیں۔ خلیج میں امن ہمارے اپنے مفاد میں ہے اور اس میں تمام دنیا کا فائدہ ہے۔

وزیراعظم اپنا گھر پروگرام
18,980
رہائشی قرضے جاری
رہائشی قرضوں کی مد میں
112.3 ارب
روپے جاری
558 ارب
روپے کے قرضے منظور
13 نومبر 2026 تک
کی پیش رفت۔
گھر ہو تو اپنا، تعبیر پاتے خواب، آباد ہوتے گھر!
وزارتِ اطلاعات ونشریات
حکومتِ پاکستان
URAAN PAKISTAN
PID(I)4738-D/26
/GovtofPakistan /GovernmentofPakistan www.moib.gov.pk
وزیراعظم اپنا گھر پروگرام

SHOWBIZ شوبز

پروین شاکر کا 74 واں یوم پیدائش (آج) منایا جائے گا

فیصل آباد سمیت مختلف شہروں کے ادبی حلقوں میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) خوشبو کی شاعرہ پروین شاکر کا 74 واں یوم پیدائش (آج) 24 نومبر کو منایا جائے گا اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت مختلف شہروں کے ادبی حلقوں میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں مقررین پروین شاکر کی ادبی خدمات کو خراج عقیدت پیش کریں گے جبکہ ان کے مداحوں کی جانب سے بھی مختلف تقریبات میں سالگرہ کے کیک کاٹے جائیں گے۔ پروین شاکر 24 نومبر 1952ء کو کراچی میں ایک مذہبی گھرانے میں پیدا ہوئیں جہاں پردے کی سختی سے پابندی کی جاتی تھی انہوں نے کراچی کے تعلیمی اداروں سے اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ پروین شاکر کو اردو ادب کی منفرد لہجے کی شاعرہ ہونے کی وجہ سے بہت کم عرصے میں اندرون اور بیرون ملک بے پناہ شہرت حاصل ہو گئی انہیں پرائڈ آف پرفارمنس اور آدم جی ایوارڈز سے بھی نوازا جا چکا ہے وہ بطور استاد درس و تدریس کے شعبے سے بھی وابستہ رہی ہیں۔ پروین شاکر کی شاعری اردو ادب میں ایک تازہ ہوا جھونکا تھا ان کی منفرد شاعری کا موضوع عورت اور محبت ہے ان کے مجموعہ کلام میں خوشبو، صد برگ، خود کلامی، انکار اور ماہ تمام قابل ذکر ہیں۔ ادب کی دنیا میں پروین شاکر احمد ندیم قاسمی مرحوم کو اپنا استاد مانتی تھیں پروین شاکر نے اسلام آباد کے ایک مقامی ڈاکٹر نصیر علی سے شادی کی جس سے ان کا ایک بیٹا مراد علی ہے پروین شاکر نے بعد ازاں ڈاکٹر نصیر علی سے علیحدگی اختیار کر لی تھی۔ پروین شاکر 26 دسمبر 1994 کو ایک ٹریفک حادثے میں 42 برس کی عمر میں انتقال کر گئی تھیں۔

بانو قدسیہ کا 98 واں یوم پیدائش 28 نومبر کو منایا جائے گا

1983 میں انہیں ہلال امتیاز اور 2010ء میں ستارہ امتیاز سے نوازا گیا

جہانیاں (این این آئی) معروف افسانہ نگار بانو قدسیہ کا 98 واں یوم پیدائش 28 نومبر کو منایا جائے گا۔ راجہ گدھ جیسے شاہکار ناول کی مصنفہ بانو قدسیہ 28 نومبر 1928ء کو مشرقی پنجاب کے ضلع فیروز پور میں پیدا ہوئیں اور تقسیم ہند کے بعد لاہور آ گئیں تھیں۔ اردو ادب سے بے حد لگاؤ کے باعث انہوں نے اردو میں متعدد ناول لکھے جن میں' راجہ گدھ' اور' امر بیل' اس قدر مشہور ہوا کہ ان کا نام بہترین ناول نگاروں میں شامل کیا جانے لگا۔ بانو قدسیہ اسٹیج شو اور ٹیلی ویژن کے لئے بھی پنجابی اور اردو زبان میں ڈرامہ اسکرپٹ لکھا کرتی تھیں، ان کے ڈراموں میں' پیا نام کا دیا'،' فٹ پاتھ کی گھاس، آدھی بات' اور دیگر شامل ہیں۔ ان کی بہترین تحریروں اور اردو ادب میں بہترین کارکردگی پر 1983ء میں حکومت پاکستان کی جانب سے انہیں ہلال امتیاز اور 2010ء میں ستارہ امتیاز سے نوازا گیا جب کہ انہوں نے 2012 میں کمال فن کا ایوارڈ بھی اپنے نام کیا۔ بانو قدسیہ شدید علالت کے باعث 4 فروری 2017ء کو وفات پا گئیں۔

پاکستانی فلم انڈسٹری کے چاکلیٹی ہیرو وحید مراد کو بچھڑے 43 برس بیت گئے

فلم' ارمان' نے مقبولیت کے نئے ریکارڈ قائم کیے، فنی خدمات پر ستارہ امتیاز سے بھی نوازا گیا

کراچی (این این آئی) پاکستانی فلم انڈسٹری کے لازوال اداکار اور چاکلیٹی ہیرو وحید مراد کو مداحوں سے بچھڑے 43 برس بیت گئے، تاہم اپنی منفرد اداکاری، دلکش شخصیت اور یادگار فلموں کے باعث وہ آج بھی شائقین کے دلوں میں زندہ ہیں۔ وحید مراد 2 اکتوبر 1938ء کو کراچی میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے جامعہ کراچی سے انگریزی ادب میں ماسٹرز کی ڈگری حاصل کی اور اپنے فلمی کیریئر کا آغاز بطور معاون اداکار فلم 'اولاد' سے کیا، جبکہ بطور ہیرو ان کی پہلی فلم 'ہیرا اور پتھر' تھی، جس نے انہیں شہرت کی بلندیوں تک پہنچایا اور فلمی شائقین نے انہیں چاکلیٹی ہیرو کا خطاب دیا۔ 1966ء میں ریلیز ہونے والی ان کی فلم 'ارمان' نے باکس آفس پر کامیابی کے نئے ریکارڈ قائم کیے۔ اس فلم کی غیر معمولی کامیابی نے وحید مراد کو پاکستان کے مقبول ترین فلمی ہیروز میں شامل کر دیا۔ وحید مراد نے اردو کے علاوہ پنجابی اور پشتو زبان کی فلموں سمیت مجموعی طور پر 125 فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے۔ ان کی مقبول فلموں میں 'دل میرا دھڑکن تیری'، 'ہیرا اور پتھر'، 'ارمان'، 'عندلیب'، 'مستانہ ماہی'، 'دیور بھابھی' اور 'نصیب اپنا اپنا' شامل ہیں۔ وہ پاکستانی فلم انڈسٹری کے ایسے منفرد اداکار تھے جن کے بالوں کے انداز اور ملبوسات کو نوجوانوں میں خاصی مقبولیت حاصل ہوئی اور ان کے فیشن کی نقل کی جاتی تھی۔ انہوں نے اداکاری کے ساتھ ساتھ فلم نویسی اور پروڈکشن کے شعبوں میں بھی اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ فلمی صنعت کے لیے ان کی خدمات کے اعتراف میں انہیں نگار ایوارڈ، گریجویٹ ایوارڈ اور نیشنل ایوارڈ سمیت متعدد اعزازات سے نوازا گیا، جبکہ حکومت پاکستان نے 2010ء میں انہیں بعد از مرگ ستارہ امتیاز عطا کیا۔ پاکستانی فلم انڈسٹری کو نئی جدتیں دینے اور اپنی لازوال اداکاری سے تاریخ رقم کرنے والے وحید مراد 23 نومبر 1983ء کو کراچی میں انتقال کر گئے۔

دلدار پرویز بھٹی کا 78 واں یوم پیدائش 30 نومبر کو منایا جائے گا

بیک وقت اردو، انگریزی اور پنجابی زبانوں پر عبور، ان کی پہچان کی وجہ بنا

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی ویژن اور ریڈیو کے نامور کمپیئر، کالم نگار اور مصنف دلدار پرویز بھٹی کا 78 واں یوم پیدائش 30 نومبر کو منایا جائے گا۔ دلدار پرویز بھٹی 30 نومبر 1948ء کو گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم بھی یہیں سے حاصل کی۔ دلدار بھٹی نے اپنے کیریئر کا آغاز بطور استاد کیا تھا اور ساہیوال کے گورنمنٹ کالج میں لیکچرار تعینات ہوئے۔ مختصر عرصے میں سینکڑوں دلوں میں گھر کرنے والے ٹی وی اور ریڈیو کے ہر دلعزیز کمپیئر اپنی حاضر جوابی میں بے مثال تھے۔ بیک وقت اردو، انگریزی اور پنجابی زبانوں پر عبور، ان کی پہچان کی وجہ بنا اور اِن تینوں زبانوں میں برجستہ مزاح ان کی کمپیئرنگ کا خاصہ تھا۔ پی ٹی وی کو پنجابی میں پہلا کوئز شو شروع کرنے کا آئیڈیا دلدار پرویز بھٹی نے دیا اور ''ٹاکرا'' نامی اس پروگرام سے اپنے فنی سفر کا آغاز کیا۔ اس کے علاوہ میلہ، یادش بخیر، اور پنجند جیسے مقبول عام پروگرام بھی کامیابی سے پیش کئے۔ وہ پی ٹی وی سے 1974 سے 1994 تک منسلک رہے اور اس دوران انہوں نے کمپیئرنگ کو نئی جہتوں سے روشناس کرایا اور اپنے علم وفراست، شائستگی اور حاضر دماغی سے لاکھوں دلوں میں جگہ بنائی۔ انہوں نے ٹی وی پر ''جواں فکر'' کے نام سے بھی پروگرام پیش کیا اور اخبارات میں کالم بھی لکھتے رہے اور اپنی زندگی میں تین کتابوں کو تحریر کیا، جن میں ''دلداریاں''، ''آمنا سامنا'' اور ''دلبر دلبر'' نمایاں ہیں۔ 30 اکتوبر 1994ء میں امریکہ میں شوکت خانم کینسر ہسپتال کے لئے فنڈز جمع کرنے کے دوران دماغ کی شریان پھٹ جانے سے دلدار پرویز بھٹی کا انتقال ہوا۔

والدین کو چاہیے کہ وہ بچوں کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں

افشاں خان نے اپنی زندگی کے تکلیف دہ واقعات سے پردہ اٹھا دیا

کراچی (سی ایم لنکس) ڈراما' آپ کی عزت' میں زرملا کا کردار ادا کرنے والی اداکارہ افشاں خان نے اپنی زندگی کے دو انتہائی تکلیف دہ واقعات سے پردہ اٹھایا ہے۔ اداکارہ نے والدین کی علیحدگی کے بچپن پر پڑنے والے اثرات اور کم عمر بھائی کی حادثاتی موت کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ یہ صدمات آج بھی ان کی زندگی کا حصہ ہیں۔ افشاں خان نے ڈرامے میں سیف علی خان کے ادا کیے گئے سبزی فروش بہرام کی اہلیہ کا کردار نبھایا ہے۔ زرملا کے کردار میں ان کی اداکاری اور اسکرین پر موجودگی کو ناظرین کی جانب سے پسند کیا گیا۔ وہ وصی شاہ کے پروگرام میں شریک ہوئیں، جہاں انہوں نے اپنی ذاتی زندگی اور پیش آنے والے سانحات کے بارے میں بات کی۔ اداکارہ نے بتایا کہ ان کے والد فضائیہ میں ملازمت کرتے تھے اور جب وہ تقریباً آٹھ یا نو سال کی تھیں تو ان کے والدین کی علیحدگی ہو گئی تھی۔ ان کے مطابق والدین کی طلاق کا بچوں کی شخصیت پر گہرا اثر پڑتا ہے۔ اس صورت حال میں بچے اپنا فطری اعتماد کھونے لگتے ہیں اور انہوں نے خود بھی بچپن میں اس کیفیت کو محسوس کیا۔ افشاں خان نے اپنی زندگی کا سب سے بڑا صدمہ بیان کرتے ہوئے بتایا کہ ان کا سب سے چھوٹا بھائی ان سے دس سال کم عمر تھا۔

جیون ساتھی کا انتخاب انڈسٹری سے نہیں کروں گی، نوال سعید

لاہور (این این آئی) اداکارہ نوال سعید نے کہا ہے کہ جیون ساتھی منتخب کرنے کا فیصلہ انتہائی مشکل ہے، میں عزت کرنے والے شخص سے شادی کروں گی۔ سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر اداکارہ نوال سعید کا حالیہ بیان وائرل ہو رہا ہے، جس میں انہوں نے کہا کہ جیون ساتھی کا انتخاب انڈسٹری سے نہیں کروں گی، لائف پارٹنر منتخب کرنے کا فیصلہ کیریئر کا انتخاب کرنے سے کہیں زیادہ مشکل اور ایک جوا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ کیریئر میں آپ ہمیشہ نئی چیزیں سیکھ سکتے ہیں یا اپنا راستہ بدل سکتے ہیں لیکن لائف پارٹنر کا انتخاب اتنا آسان نہیں کیونکہ آپ کبھی نہیں جان سکتے کہ کوئی انسان آگے چل کر کیسا نکلے گا۔ نوال سعید نے واضح کیا کہ جب بھی وہ شادی کریں گی۔

بقیہ 1

منصوبے میں مرکزی شاہراہ کی توسیع (ایکسٹینشن) تقریباً 2.7 کلومیٹر لمبائی آئی سی ٹی حدود کے تمام سیکشنز پر تیزی سے کام جاری ہے۔ اسی طرح منصوبے میں شامل تمام لوپس اور ریمپس کا کام بھی تکمیلی مراحل میں داخل ہوچکا ہے۔ جبکہ مرکزی شاہراہ سے منسلک سروس روڈ پر بھی تیزی سے کام جاری ہے۔ مارگلہ ایونیو توسیع منصوبے میں شامل انڈر پاس کا سٹرکچرل ورک مکمل کرلیا گیا ہے۔ اسی طرح انڈر پاس کی کنکریٹ والز اور فوٹنگ سیلبس کا کام بھی مکمل کرلیا گیا ہے جبکہ انڈر پاس کے دائیں اور بائیں جانب ارتھ ورک فلنگ کا کام جلد ہی مکمل کرلیا جائیگا۔ مارگلہ ایونیو توسیع منصوبے کے اہم حصے سنگجانی انٹرچینج کا پائل ورک مکمل کرلیا گیا ہے جبکہ سٹیل فلنگ کا کام جاری ہے جبکہ پائلنگ ورک سمیت گریڈرز کا کام مکمل کرلیا گیا ہے۔ اسی طرح کھدائی کا کام بھی جلد ہی مکمل کرلیا جائیگا۔ اسی طرح N5 برج پر دونوں اطراف ایکسٹینشن کا پائل ورک اور کھدائی کا کام مکمل کرلیا گیا ہے جبکہ منصوبے میں شامل چار کلورٹس کا کام مکمل کرلیا گیا ہے اور ایک کلورٹس پر کام جاری ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے منصوبے کو اعلیٰ معیار اور مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ دیگر شہروں بالخصوص پختونخوا سے آنے والوں شہریوں کیلئے ایک اہم گیٹ وے ثابت ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ منصوبے کی تکمیل سے اندرون و بیرون شہر سفر کرنے والے شہریوں کو اسلام آباد ائیرپورٹ تک رسائی میں آسانی ہوگی۔

بقیہ 2

میں اسکواش کے فروغ کے لیے طویل عرصے سے نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ اس ضمن میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی، کھلاڑیوں کی تربیت اور عالمی اسکواش سرکٹ میں پاکستان کی موجودگی کو مستحکم بنانے کے لیے مسلسل اقدامات کیے گئے ہیں۔ حال ہی میں مصحف اسکواش کمپلیکس، اسلام آباد میں کامیابی سے منعقد ہونے والی 23ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ 2026 میں پاکستان نے مردوں کا ٹائٹل اپنے نام کیا، جوان کوششوں کے مؤثر نتائج کا مظہر ہے۔ سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی سرپرستی میں ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کی نشاندہی اور آبیاری، نوجوان کھلاڑیوں کے لیے مواقع میں وسعت اور عالمی اسکواش میں پاکستان کے تاریخی مقام کی بحالی کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ بین الاقوامی اسکواش چیمپئن شپ کے انعقاد، کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری اور ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کی ترقی کے ذریعے پاک فضائیہ ملک میں اسکواش کے فروغ اور عالمی سطح پر پاکستان کے تشخص کو مستحکم بنانے میں کلیدی کردار ادا کررہی ہے۔ چیمپئن شپ میں اعلیٰ سول و عسکری حکام، نامور اسکواش لیجنڈز اور کھیلوں کی دنیا کی ممتاز شخصیات کی شرکت متوقع ہے، جس سے ایونٹ کی اہمیت اور وقار میں مزید اضافہ ہوگا۔ چیف آف دی ایئر اسٹاف انٹرنیشنل اسکواش چیمپئن شپ 2026 پاکستان میں اسکواش کے احیا کے لیے پاک فضائیہ کے مسلسل عزم کی عکاس ہے۔ یہ ایونٹ مقامی کھلاڑیوں کو بین الاقوامی حریفوں کے خلاف کھیلنے اور قیمتی مسابقتی تجربہ حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرے گا۔ اس نوعیت کے اقدامات کا مقصد کھیلوں میں اعلیٰ معیار کے حصول، مستقبل کے چیمپئنز کی تربیت اور عالمی اسکواش میں پاکستان کو دوبارہ صفِ اول کی اقوام میں شامل کرنے کی راہ ہموار کرنا ہے۔

بقیہ 3

صوبائی اسمبلی پنجاب زیب النسا نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی راولپنڈی آمد پر اہلیان شہر بھرپور استقبال کریں گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبہ میں ترقی کا سفر تیزی سے جاری ہے۔ راولپنڈی میں رکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب کی قیادت میں مسلم لیگ خواتین ونگ بھرپور فعال ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے دورہ کے حوالے سے تیاریاں مکمل کرلی گئیں ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے دور میں صوبہ بھر بالخصوص راولپنڈی میں ریکارڈ ترقیاتی کام ہوئے ہیں۔ کئی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ راولپنڈی آمد پر وزیر اعلیٰ پنجاب کا تاریخی استقبال کیا جائے گا۔

بقیہ 4

مطابق کی جائے گی، جس سے جانچ کے عمل میں شفافیت، میرٹ، معیار اور یکسانیت کو فروغ ملے گا۔ اس نظام کے ذریعے جوابی کاپیوں کی جانچ کو ٹیکنالوجی سے منسلک کرتے ہوئے انسانی مداخلت اور روایتی طریقہ کار پر انحصار کم کرنے میں مدد ملے گی۔ اس کے علاوہ امتحانی نتائج کی تیاری کے عمل کو مزید مؤثر، منظم اور قابلِ اعتماد بنانے کی راہ بھی ہموار ہوگی۔ کنٹرولر امتحانات مبشر سعید نے کمپیوٹر سائنس کے پرچے کے انعقاد کے موقع پر مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا اور وہاں کیے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے امتحانی عملے کی تعیناتی، طلبہ کے لیے سہولیات، امتحانی ماحول اور مقررہ ایس او پیز پر عمل درآمد کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ امتحانات کے انعقاد میں نظم و ضبط، شفافیت اور میرٹ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور تمام ذمہ داریاں مقررہ ضابطہ کار کے مطابق انجام دی جائیں۔ انہوں نے امتحانی عملے کی کارکردگی اور انتظامی امور کا جائزہ لیتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ طلبہ کو سازگار اور پُرامن امتحانی ماحول فراہم کیا جائے تاکہ امتحانی عمل خوش اسلوبی سے مکمل ہوسکے۔ واضح رہے کہ انٹرمیڈیٹ سیکنڈ اینول امتحانات 2026ء کے تحت پارٹ اوّل کا کمپیوٹر سائنس کا پرچہ تمام امتحانی مراکز میں آن اسکرین مارکنگ کے تحت منعقد کیا گیا۔ امتحانی عمل مقررہ ایس او پیز کے مطابق پُرامن طور پر اختتام پذیر ہوا۔ راولپنڈی بورڈ میں آن اسکرین مارکنگ سسٹم کا عملی آغاز امتحانی اصلاحات کے سفر میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ اس جدید نظام کے ذریعے امتحانی جوابی کاپیوں کی جانچ کو ڈیجیٹل خطوط پر استوار کرتے ہوئے ایک ایسے امتحانی ڈھانچے کی بنیاد رکھی جارہی ہے جو شفافیت، میرٹ، جدید ٹیکنالوجی اور پیشہ ورانہ معیار کا آئینہ دار ہوگا۔

بقیہ 5

اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کو بھی باہمی تعاون کے اہم شعبے قرار دیا گیا۔ اس موقع پر صدر آئی سی سی آئی محمد ذکریا اکبر ضیاء نے کہا کہ پاکستان اور کیوبا کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں جن سے فائدہ اٹھانے کے لیے دونوں ممالک کے کاروباری اداروں کے درمیان براہ راست روابط ضروری ہیں۔ انہوں نے چیمبر کی جانب سے بین الاقوامی تجارت، برآمدات اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے جاری اقدامات پر بھی روشنی ڈالی اور مشترکہ منصوبوں، کاروباری وفود کے تبادلوں اور بی ٹو بی روابط کو فروغ دینے پر زور دیا۔ انہوں نے کیوبا کے سرمایہ کاروں اور سیاحوں کو پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان بالخصوص اس کے شمالی علاقے قدرتی حسن اور سیاحتی امکانات کے حوالے سے غیر معمولی اہمیت رکھتے ہیں۔ ملاقات میں آئی سی سی آئی کے ایگزیکٹو ممبران شاہد عباسی، ملک راشد طفیل، زوہیب ارشد ملک، سابق ایگزیکٹو ممبر اسحاق سیال، ممبر مبشر رفیق سنجرانی، سیکرٹری جنرل غلام مرتضیٰ اور دیگر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ پاکستان اور کیوبا کے درمیان تجارتی روابط کو مزید مستحکم کرنے، سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے اور نجی شعبے کے اشتراک کو فروغ دینے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 6

خصوصی اہمیت کی حامل تھی، کیونکہ وہ ایک بار پھر پاکستانی اسٹیج پر اپنے مقبول رومانیائی ڈانس پاپ میوزک کے ساتھ جلوہ گر ہوئے۔ تقریب میں پاکستان میں رومانیہ کے سفیر ڈاکٹر دان اسٹوئنیسکو مہمانِ خصوصی تھے۔ فیسٹیول میں اکسنٹ کے علاوہ پاکستانی فنکاروں بیایان، فرحان سعید اور ابرار الحق نے بھی پرفارم کیا۔ اکسنٹ نے اپنے دورے کے دوران اسلام آباد میں رومانیہ کے سفارت خانے کی ٹیم سے بھی ملاقات کی۔ اس موقع پر رومانیہ کے سفیر ڈاکٹر دان اسٹوئنیسکو نے کہا کہ ایڈرین سینا، جو اکسنٹ کے نام سے معروف ہیں، پاکستان کے ساتھ طویل عرصے سے تعلق رکھتے ہیں اور اسلام آباد میں انہیں ملنے والی پذیرائی اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستانی عوام ان کی موسیقی کو بے حد پسند کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایف نائن پارک میں اکسنٹ کا استقبال کرنے کے لیے آنے والے ہزاروں افراد کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ان کے مطابق پاکستان میں اکسنٹ کے لاکھوں مداحوں کی موجودگی انہیں رومانیہ کا دوسرا سفیر قرار دینے کے لیے کافی ہے۔ دریں اثنا، رومانیہ کا سفارت خانہ پاکستان میں موسیقی کے فروغ کے لیے مختلف ثقافتی اور تعلیمی سرگرمیوں میں بھی حصہ لے رہا ہے۔ پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس (PNCA) کے اشتراک سے اسلام آباد میں اوپیرا گائیکی کی کلاسز کا آغاز کیا گیا، جہاں رومانیہ کی سوپرانو گلوکارہ جارجیانا کوستیا گلوگا مقامی گلوکاروں کو تربیت دے رہی ہیں۔ اس پروگرام نے رواں سال اپریل میں اپنی پہلی سالگرہ مکمل کی۔ رومانیہ کے سفارت خانے نے 23 مارچ 2026 کو یوم پاکستان کے موقع پر ”قومی ترانے“ کی پہلی مرتبہ تیار کردہ کورل ترتیب اور تحریری موسیقی کے اسکور بھی پیش کیے تھے۔ رومانیہ کے نیشنل چیمبر کوائر ”مادریگال مارین کانسٹنٹن“ نے کنڈکٹر آنا اونگوریانو کی قیادت میں قومی ترانے کی یہ خصوصی ریکارڈنگ تیار کی تھی۔ واضح رہے کہ رومانیائی ڈانس پاپ موسیقی نے 2000ء کی دہائی کے اواخر اور 2010ء کی ابتدائی برسوں میں عالمی سطح پر مقبولیت حاصل کی۔ رومانیہ کی گلوکارہ انا کا گانا ”ہاٹ“ امریکی بل بورڈ ڈانس ایئر پلے چارٹ میں سرفہرست رہا، جبکہ الیگزینڈرا اسٹین کے گانے ”مسٹر سیکسو بیٹ“ نے جرمنی اور اٹلی میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اکسنٹ بھی اسی دور کے مقبول رومانیائی پاپ فنکاروں میں شمار ہوتے ہیں اور پاکستان میں ان کے مداحوں کی بڑی تعداد موجود ہے۔

بقیہ 7

ساجد صفدر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی راولپنڈی آمد کے موقع پر شہر میں صفائی کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ تمام آپریشنل ٹیموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی اور صفائی برقرار رکھنے کے لیے مکینیکل سویپنگ، مکینیکل واشنگ، دستی صفائی، کوڑا کرکٹ کی بروقت منتقلی اور کوڑا اپوائنٹس کی صفائی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ ایم ڈی نے کہا کہ تمام افسران فیلڈ میں موجود رہ کر صفائی آپریشن کی نگرانی کریں اور کسی بھی مقام پر کوڑا کرکٹ جمع نہ ہونے دیں۔ صفائی کے عملے کی حاضری، مشینری کی دستیابی اور آپریشنل کارکردگی کو بھی مسلسل مانیٹر کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق راولپنڈی کو صاف ستھرا، سرسبز اور خوبصورت شہر بنانا ادارے کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر ڈالیں اور صفائی کے عملے کے ساتھ تعاون کریں کیونکہ صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ایم ڈی رانا ساجد صفدر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی شہریوں کو بہترین صفائی کی سہولیات فراہم کرنے اور وزیراعلیٰ پنجاب کے صاف ستھرے پنجاب کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاتی رہے گی۔

بقیہ 8

گنگ، چوآسیدن شاہ، راولپنڈی، گوجر خان، اٹک، حضرو، جہلم، پنڈ دادن خان، بھکر، سرگودھا، میانوالی اور بھلوال سمیت مختلف علاقوں کے مرکزی و ضلعی عہدیداران نے شرکت کی۔ اس موقع پر مرکزی سینئر نائب صدر میاں ریحان مقبول، ڈپٹی سیکرٹری جنرل میاں کاشف محمود، ہیڈ سوشل میڈیا میاں عبدالقادر، نائب صدر لاہور زون چوہدری عارف، کوآرڈینیٹر کشمیر عوامی تحریک اعجاز سدوزئی، آرگنائزر شمالی پنجاب ملک طاہر جاوید، صدر پاکستان عوامی تحریک ضلع بھکر جمعہ خان، سوشل میڈیا ہیڈ شمالی پنجاب راجہ عابد الفت، ہیڈ مراکز علم احسان اللہ باری، توقیر اعوان، صدر و جنرل سیکرٹری پاکستان عوامی تحریک ضلع چکوال طاہر اعوان دلہہ اور حاجی طاہر اعوان، صدر تحصیل چکوال ساجد اعوان، نائب صدر ضلع چکوال شاہد چوہان سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس کے بعد اسی سلسلے میں سعید احمد کی رہائش گاہ چوآسیدن شاہ میں بھی تنظیمی رہنماؤں کی مشاورتی نشست منعقد ہوئی، جس میں مرکزی و صوبائی قیادت کے فیصلوں پر عملدرآمد، تحصیل بھر میں تنظیمی سرگرمیوں کو منظم کرنے، کارکنوں کو متحرک کرنے اور بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں کے لیے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 9

کی گئی۔ پاکستان پیپلز پارٹی کا وفد سندھ کے صدر نثار کھوڑو کی قیادت میں سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کے چیمبر پہنچا، جہاں ایم کیو ایم پاکستان کے رہنماؤں سے مشاورت کا آغاز ہوا۔ نثار کھوڑو کی سربراہی میں پیپلز پارٹی کے وفد میں پارٹی کے جنرل سیکرٹری سینیٹر وقار مہدی، صوبائی وزیر داخلہ ضیا الحسن لنجار اور صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر شاہ شامل تھے۔ دوسری جانب متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے وفد کی قیادت ڈاکٹر فاروق ستار نے کی، جبکہ وفد میں سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر علی خورشیدی اور ڈپٹی پارلیمانی لیڈر طحہٰ احمد سمیت دیگر رہنما موجود تھے۔ دونوں جماعتوں کے رہنماؤں کے درمیان کراچی میں چھ دسمبر ریلی ملتوی کرانے سے متعلق مشاورت کی گئی۔ پیپلز پارٹی کے وفد نے ایم کیو ایم سے چھ دسمبر کی ریلی ملتوی کرنے کی استدعا کی۔

بقیہ 10

جبکہ آٹوموبائل، بینکنگ، فرٹیلائزر اور توانائی سمیت اہم شعبوں میں خریداری کا رجحان دیکھا گیا۔ گزشتہ کاروباری ہفتے پاکستان اسٹاک ایکسچینج معمولی مندی کے ساتھ بند ہوئی تھی جس کی بنیادی وجہ ملک میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق مجوزہ ریفرنڈم کے معاملے پر سیاسی غیر یقینی صورت حال تھی۔ ملکی سیاسی صورت حال سے متعلق خدشات نے سرمایہ کاروں کے اعتماد کو متاثر کیا جس کے باعث بین الاقوامی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی اور پاکستان میں ایندھن کے اخراجات گھٹنے کے مثبت اثرات بھی مارکیٹ کو سہارا دینے میں ناکام رہے۔ پیر کے روز کاروبار کے آغاز پر مختلف اہم شعبوں میں خریداری کا رجحان غالب رہا جس کے نتیجے میں مارکیٹ میں مثبت سرگرمیاں دیکھنے میں آئیں۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے اعداد وشمار کے مطابق آج صبح بینچ مارک کے ایس ای 100 انڈیکس میں 920 پوائنٹس اضافہ ہوا جس کے بعد یہ ایک لاکھ 78 ہزار 303 پوائنٹس کی سطح پر ٹریڈ کر رہا تھا۔ ابتدائی کاروبار کے دوران آٹوموبائل اسمبلرز، کمرشل بینکوں، فرٹیلائزر، آئل اینڈ گیس ایکسپلوریشن کمپنیوں، آئل مارکیٹنگ کمپنیوں اور پاور جنریشن کے شعبوں میں حصص کی خریداری دیکھی گئی۔ گزشتہ ہفتے کے آخری کاروباری روز بینچ مارک کے ایس ای 100 انڈیکس 491.32 پوائنٹس کی کمی کے بعد 177,382.56 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ 11

سکروٹنی کا عمل شروع کردیا، ذرائع پراسیکیوشن برانچ کے مطابق چالان میں قانونی نقائص کی نشاندہی ہوئی تو اسے اصلاح کیلئے واپس پولیس کو بھیجا جاسکتا ہے۔ حنا جاوید قتل کا مقدمہ تھانہ سول لائن میں درج ہے، 45 سالہ شادی شدہ خاتون حنا جاوید کو 20 اگست کو اسکے گھر میں قتل کیا گیا تھا۔ پنجاب پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ نے حنا جاوید قتل کیس کو ہائی پروفائل قتل کیس قرار دیا ہے، راولپنڈی پولیس نے فرانزک رپورٹس وصول ہونے اور تفتیش مکمل کرکے چالان جمع کرایا تھا، مقتولہ کے اہلخانہ پولیس کی تفتیش پر پہلے ہی عدم اعتماد کرچکے ہیں۔

بقیہ 12

ترجمان سی سی ڈی پنجاب کے مطابق ایک بچے کے اغواء کا مقدمہ تھانہ ڈنگہ گجرات جبکہ دو بچوں کی گمشدگی کی رپورٹس تھانہ ستوکتلہ اور تھانہ شاہ کوٹ میں درج تھیں۔ بچوں کی بحفاظت واپسی پر والدین نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے سی سی ڈی کا شکریہ ادا کیا۔ ترجمان نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق بچوں سے زیادتی، استحصال اور چائلڈ لیبر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کیا جارہا ہے۔ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کے ساتھ بچوں کے تحفظ اور انہیں اپنے خاندانوں سے ملانے کے لیے بھی اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ 13

کرکے سیکشن آفیسر محکمہ زراعت تعینات، نوید رضا کو سیکشن آفیسر محکمہ سی اینڈ ڈبلیو تعینات اور تقرری کے منتظر عابد جمیل کو سیکشن آفیسر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ تعینات کردیا گیا ہے۔

بقیہ 14

حکم نامے کے مطابق درخواست گزار نے تحقیقات کے لیے جے آئی ٹی تشکیل دینے کی استدعا کی، درخواست گزار وکیل کے مطابق کیس کی شفاف تحقیقات کا حکم دیا جائے، ایف آئی اے افسر کے خلاف محکمانہ کارروائی کی بھی درخواست گزار نے استدعا کی۔ واضح رہے کہ ایف آئی اے افسر کی اہلیہ اور مدرسہ قاری پولیس کی حراست میں ہیں۔ جوڈیشل مجسٹریٹ نے دونوں ملزمان کو فزیکل ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر رکھا ہے۔ واضح رہے کہ 15 نومبر کو تھانہ شمس کالونی میں بچی کی ہلاکت کا مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بقیہ 15

پیدا کرنا اور لوگوں کو معلومات فراہم کرنا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے ٹھٹھہ صادق آباد سمیت ملک بھر میں محکمہ صحت اور مختلف سماجی تنظیموں کی جانب سے مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جن سے خطاب کرتے ہوئے صحت کے ماہرین ایڈز جیسی مہلک مرض کی علامات اور اس سے بچاؤ کی تدابیر کے متعلق آگاہی فراہم کریں گے اس روز اخبارات معلوماتی فیچر شائع کریں گے جبکہ الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے خصوصی پروگرام نشر کیے جائیں گے۔ ایڈز کا عالمی دن دنیا بھر میں پہلی مرتبہ 1987ء میں منایا گیا۔ ایک عالمی ادارے کی رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں اب تک لاکھوں افراد ایڈز کی بیماری سے ہلاک ہوچکے ہیں جبکہ 75 لاکھ افراد (HIV) ایڈز سے متاثرہ ہیں۔

بقیہ 16

ٹرک پر 9 افراد موجود تھے۔ حادثے کے نتیجے میں 7 افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے جبکہ 2 زخمی ہوئے جنہیں اسپتال منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 17

کروانا ہے۔ اس دن کے حوالے سے پاکستان سمیت دنیا بھر میں آگاہی واکس، سیمینارز اور دیگر تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں غلامی سے نجات کے حوالے سے عوامی شعور اجاگر کیا جائے گا۔ انسانی قدروں کی اہمیت اور احساس کے حوالے سے اس دن کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ غلامی ایک قصہ پارینہ نہیں بلکہ دور حاضر میں بھی انسانوں کی بڑی تعداد زنجیروں میں جکڑی ہوئی ہے۔ جبری مشقت، زبردستی کی شادیاں اور انسانی اسمگلنگ جیسے گھناؤنے جرائم آج غلامی کے زمرے میں آتے ہیں، ایک رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں چار کروڑ سے زائد افراد غلامی کا شکار ہیں، ان میں سے تقریباً ڈھائی کروڑ کو جبری مشقت اور ڈیڑھ کروڑ کو زبردستی شادیوں کا سامنا ہے۔ ڈھائی کروڑ جبری مشقت میں مبتلا افراد میں سے تقریباً ایک کروڑ 60 لاکھ افراد کا پرائیویٹ سیکٹر کے ہاتھوں استحصال ہورہا ہے۔ گھریلو ملازمت، تعمیراتی صنعت اور زراعت سے وابستہ افراد پرائیویٹ سیکٹر کے زمرے میں آتے ہیں جب کہ 40 لاکھ افراد ریاستی حکام کے ہاتھوں جبری مشقت کرنے پر مجبور ہیں۔ دنیا میں بسنے والے ہر ایک ہزار افراد میں سے 5 آج بھی غلامی کا شکار ہیں، اس قسم کی غلامی کے شکار ہر 4 افراد میں سے ایک بچہ ہے۔

بقیہ 18

ڈے پاکستان سمیت دنیا بھر میں ہر سال 30 نومبر کو منایا جاتا ہے جس کا آغاز 1988 سے ہوا تھا جس کا مقصد کمپیوٹرز سے متعلقہ سکیورٹی خدشات سے صارفین کو آگاہ کرنا ہے، کمپیوٹر سکیورٹی ڈے کے حوالے سے پاکستان سمیت دنیا بھر کی آئی ٹی کمپنیوں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں انفارمیشن ٹیکنالوجی سے وابستہ ماہرین کمپیوٹر صارفین کو کمپیوٹر سافٹ ویئر کمپیوٹرز سکیورٹی اور اس سے متعلقہ مفید معلومات فراہم کریں گے۔

بقیہ 19

ایک ریپیٹر، ایک بارہ بور رائفل بمعہ ایمونیشن، چھینے گئے 39 موبائل فونز اور نقدی برآمد کی گئی۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ ملیر اور ملحقہ علاقوں میں ڈکیتی، اسٹریٹ کرائم، غیر قانونی اسلحہ رکھنے، موٹر سائیکلیں، موبائل فونز اور نقدی چھیننے کی 300 سے زائد وارداتوں میں ملوث ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق زین العابدین، شایان اور اکبر عرف شانی اسلحے کے زور پر شہریوں کو لوٹتے تھے، جبکہ ملزم راشد رشید گروہ کی جانب سے چھینے گئے موبائل فونز فروخت کرنے میں ملوث تھا۔ رینجرز ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان نے حال ہی میں گونگا گوٹھ میں نجی بینک کے دو ملازمین سے 75 ہزار روپے اور دو موبائل فونز چھینے تھے، جبکہ جام گوٹھ روڈ پر ایک شہری سے موٹر سائیکل، موبائل فون اور 10 ہزار روپے نقدی بھی چھینی تھی۔ ترجمان نے بتایا کہ گرفتار ملزم زین العابدین گرفتاری سے بچنے کے لیے عسکری ادارے کا جعلی کارڈ استعمال کرتا تھا، جبکہ اس کے خلاف مختلف تھانوں میں مقدمات بھی درج ہیں۔

بقیہ 20

کا کہنا ہے کہ ملزمان نے ادھار دی گئی رقم واپس مانگنے پر دوست کو زہر دے کر موت کے گھاٹ اتار دیا تھا۔ قتل کے بعد ملزمان نے لاش بوری میں بند کی اور خالی پلاٹ میں پھینک دی تھی۔

بقیہ 21

کا جسد خاکی آبائی گاؤں پہنچنے پر فضا سوگوار ہوگئی، اس موقع پر اہل علاقہ نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کرکے شہید کا استقبال کیا۔ ان کی نماز جنازہ میں کور کمانڈر بہاولپور، پولیس افسران، سیاسی و سماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد شہید کو فوجی اعزاز کے ساتھ شاہ چراغ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ اس موقع پر کور کمانڈر بہاولپور نے شہید کے والد عابد عاربی کو ان کے بیٹے کی وردی اور کیپ پیش کی۔ شہید کے والد عابد عاربی نے اپنے بیٹے کی قربانی پر فخر کا اظہار کرتے ہوئے عزم ظاہر کیا کہ وہ اپنے چھوٹے بیٹے کو بھی پاک فوج میں بھرتی کروائیں گے۔ شہید عبداللہ عاربی نے بلوچستان کے علاقے نوشکی میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن کے دوران وطن کے دفاع میں اپنی جان قربان کی۔ ان کی شہادت پر اہل علاقہ نے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔

بقیہ 22

اہلکاروں میں کامران اور سجاد جبکہ شہریوں میں ثنا اللہ، شفقت اللہ اور محمد ذیشان شامل ہیں۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا۔

بقیہ 23

کیمونٹی سے دوسری کیمونٹی میں تدفین کی تقریب کے لیے لے جا رہی تھی جب جنوبی علاقے میں واقع بایلسا ریاست میں ڈوب گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ تلاش اور بچا کی کارروائیاں جاری ہیں جبکہ یہ واضح نہیں کیا گیا کہ کتنے لوگ لاپتہ ہیں۔ پولیس کے ترجمان موسیٰ محمد نے بتایا کہ مزید 24 افراد کو بچا لیا گیا ہے اور انہیں طبی امداد کی ضرورت ہے۔ حکام نے یہ نہیں بتایا ہے کہ جہاز میں کتنے مسافر سوار تھے۔

بقیہ 24

تاریخ 30 نومبر مقرر کی گئی ہے، جبکہ اسی روز دو پہر ڈھائی بجے تکنیکی بولیاں کھولی جائیں گی۔ عالمی سپلائرز کے لیے کم از کم 50 ہزار میٹرک ٹن گندم کی بولی دینا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ ٹینڈر کے تحت بھارت، اسرائیل اور دیگر ممنوعہ ممالک سے گندم درآمد کرنے پر پابندی ہوگی۔ جنگ زدہ علاقوں سے گندم فراہم کرنے والی کمپنیوں کو متبادل ممالک سے سپلائی کی پیشکش بھی دینا ہوگی۔ گندم کی درآمد کے خواہشمند سپلائرز کے لیے کم از کم 5 سال کا برآمدی تجربہ اور گزشتہ پانچ سال کے دوران کم از کم 50 ہزار ٹن گندم برآمد کرنے کی شرط عائد کی گئی ہے۔ دستاویزات کے مطابق درآمد کی جانے والی گندم سال 2026 کی نئی فصل کی ہونی چاہیے، جس میں نمی کی زیادہ سے زیادہ شرح 14.5 فیصد، پروٹین کم از کم 10 فیصد اور ویٹ گلوٹن کی مقدار کم از کم 23 فیصد مقرر کی گئی ہے۔ غیر معیاری گندم مسترد کردی جائے گی، جبکہ ٹھیکے کا فیصلہ مجموعی طور پر کم ترین لاگت کی بنیاد پر ہوگا۔ گندم کی ترسیل کے لیے دو مرحلے مقرر کیے گئے ہیں۔ پہلے مرحلے میں 4 لاکھ ٹن گندم 25 دسمبر 2026 سے 5 جنوری 2027 کے دوران پاکستان روانہ کرنا ہوگی، جبکہ مزید 4 لاکھ ٹن گندم 6 سے 15 جنوری 2027 کے دوران روانہ کی جائے گی۔ ٹینڈر کے مطابق تمام 8 لاکھ ٹن گندم 15 فروری 2027 تک کراچی یا گوادر کی بندرگاہوں پر پہنچانا لازمی ہوگا۔ مقررہ وقت پر گندم کی ترسیل نہ کرنے کی صورت میں ابتدائی جرمانہ 25 امریکی سینٹ فی ٹن یومیہ مقرر کیا گیا ہے۔ ٹی سی پی نے ٹینڈر میں گندم کی مقررہ مقدار میں 10 فیصد کمی یا اضافے کی گنجائش بھی رکھی ہے، جس کے تحت حتمی درآمدی مقدار میں ضرورت کے مطابق رد و بدل کیا جاسکے گا۔

بقیہ 25

کرتے ہوئے مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ سندھ کے شہر کراچی میں منعقد ہونے والے تیسرے ورلڈ کلچر فیسٹیول میں دنیا بھر سے الگ الگ زبانیں بولنے والے ایک اسٹیج پر نظر آئے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی ثقافتی میلے کی کامیابی نے بتادیا ہے کہ متحد ہوں تو ہم کیا کچھ حاصل کرسکتے ہیں۔ اس سے پہلے وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے تھر خشک سالی امدادی پیکج پر عمل درآمد کی منظوری دی۔ تھرپارکر اور عمرکوٹ کے لیے امدادی پیکج پر جائزہ اجلاس میں وزیراعلیٰ سندھ کی خشک سالی کے متاثرین کے لیے 5 ارب 30 کروڑ کے امدادی پیکج پر عمل درآمد کی ہدایت کی اور کہا کہ ہر مستحق خاندان کو 8 ہزار روپے 3 قسطوں میں فراہم کیے جائیں گے۔

بقیہ 26

بیٹا انفو کے مطابق اس سہولت کا اطلاق عام گروپ چیٹس کے ساتھ کیمونٹی گروپس پر بھی ہوگا۔ یہ اپ ڈیٹ اینڈرائیڈ اور آئی او ایس صارفین کے لیے مرحلہ وار جاری کی جارہی ہے، جس کے باعث فی الحال تمام صارفین کو یہ سہولت دستیاب نہیں۔ واٹس ایپ نے گروپ چیٹس کے لیے دیگر نئے فیچرز بھی متعارف کرائے ہیں، جن میں تمام ممبرز کو ایک ساتھ ٹیگ کرنے کے لیے @all، پولز کی آخری تاریخ مقرر کرنے اور موجودہ گروپ سے نیا گروپ بنانے کی سہولت شامل ہے۔

بقیہ 27

قیمتوں میں گزشتہ ہفتہ وار گراوٹ 8 ماہ کی بدترین کمی قرار دی گئی ہے۔ سال 2026 کے آغاز میں سونے کی قیمت 5 ہزار 600 ڈالر فی اونس سے تجاوز کرکے تاریخی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی تھی، تاہم اب عالمی قیمتیں اس ریکارڈ سے تقریباً 36 فیصد نیچے آچکی ہیں۔ عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمتوں میں کمی کی بڑی وجوہات میں امریکی مہنگائی کے کمزور اعداد وشمار، امریکی مرکزی بینک کے پالیسی سازوں کے محتاط بیانات اور دسمبر میں شرح سود بڑھنے کے امکانات شامل ہیں۔ شرح سود میں اضافے کی توقعات کے باعث امریکی بانڈز کی منافع بخش شرح بڑھ رہی ہے، جبکہ 10 سالہ امریکی بانڈز کی شرح 5 فیصد سے تجاوز کرگئی ہے۔ چونکہ سونا سرمایہ کاروں کو سود نہیں دیتا، اس لیے شرح سود میں اضافے سے سونے میں سرمایہ کاری کی کشش کم ہوجاتی ہے۔ دوسری جانب امریکی ڈالر کی قدر میں اضافے نے بھی سونے کی قیمتوں پر دبا بڑھایا ہے۔ ڈالر انڈیکس 19 ماہ کی بلند ترین سطح پر پہنچنے کے باعث دیگر کرنسیوں میں سونا خریدنے والے سرمایہ کاروں کے لیے یہ مزید مہنگا ہوگیا، جس سے عالمی طلب متاثر ہوئی۔ عالمی ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت سے متعلق کمپنیوں کے حصص میں بڑے پیمانے پر فروخت نے بھی سونے کی قیمتوں میں کمی کو مزید تیز کیا۔ سرمایہ کاروں اور بڑے مالیاتی اداروں نے دیگر سرمایہ کاری میں ہونے والے نقصان اور اضافی رقم کی ضروریات پوری کرنے کے لیے سونے سمیت قابل فروخت اثاثے فروخت کیے۔ پاکستان میں عالمی مارکیٹ کی گراوٹ کے اثرات فوری طور پر مقامی صرافہ بازاروں میں بھی سامنے آئے، جہاں سونے کی قیمتیں مسلسل کم ہورہی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 29 جنوری 2026 کو سونے کی فی تولہ قیمت 5 لاکھ 72 ہزار 862 روپے کی تاریخی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی تھی، جس کے مقابلے میں اب قیمت 1 لاکھ 96 ہزار 500 روپے سے زیادہ کم ہوچکی ہے۔ ماضی میں عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمت کم ہونے پر پاکستانی روپے کی قدر میں کمی مقامی قیمتوں کو سہارا دیتی تھی، تاہم اس مرتبہ روپے کی قدر مستحکم رہنے کے باعث عالمی منڈی میں سونے کی قیمتوں میں کمی کا اثر براہ راست پاکستانی صرافہ بازاروں میں بھی پڑا۔ طویل مدت میں عالمی مرکزی بینکوں کی جانب سے سونے کی خریداری قیمتوں کو سہارا دے سکتی ہے۔ ورلڈ گولڈ کونسل کے مطابق 2026 کی تیسری سہ ماہی میں مرکزی بینکوں نے 321 ٹن سونا خریدا، تاہم قلیل مدت میں عالمی مارکیٹ کا رجحان غیر یقینی ہے۔

بقیہ 28

حوالے سے خواتین حقوق کیلئے سرگرم سماجی تنظیموں کے زیراہتمام تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین خواتین پر تشدد اور اس کے اگلی نسل پر مرتب ہونے والے بھیانک اثرات سے آگاہی فراہم کریں گے۔ خواتین پر تشدد کے خاتمے کے عالمی دن کا آغاز اقوام متحدہ کے زیر اہتمام جنرل اسمبلی کی ایک قرارداد کی منظوری کے بعد 1999ء میں ہوا جس کے بعد ہر برس 25 نومبر کو فیصل آباد سمیت دنیا بھر میں خواتین پر تشدد کے خاتمے کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ ایک عالمی ادارے کی رپورٹ کے مطابق خواتین پر تشدد تہذیب یافتہ دنیا کا سب سے بڑا مسئلہ ہے دنیا بھر میں ہر چھ میں سے ایک عورت کو مرد کے تشدد کا نشانہ بننا پڑتا ہے۔

بقیہ 29

سہولت کار قیادت اور تاجر و صنعتکار برادری کے جائز مسائل کے حل کے لیے مسلسل تعاون کو بھی سراہا ہے۔ علی حسام اصغر نے اس فیصلے کو پاکستان کی کاروباری برادری، بالخصوص صنعتی، تجارتی اور برآمدی شعبوں کی بڑی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اضافی مالی محصولات کے باعث کاروباری لاگت میں مسلسل اضافہ ہو رہا تھا، جس سے نہ صرف سرمایہ کاری متاثر ہو رہی تھی بلکہ پاکستانی مصنوعات کی عالمی منڈیوں میں مسابقتی صلاحیت بھی کمزور ہو رہی تھی۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اور نجی شعبے کے درمیان تعمیری رابطوں اور کاروباری برادری کے مسائل سننے کے لیے حکومت کا مثبت طرزِ عمل قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ نجی شعبے کے جائز تحفظات دور کرنا معاشی بحالی، صنعتی ترقی اور برآمدات میں اضافے کے لیے ناگزیر ہے۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ وفاقی آئینی عدالت کے اس تاریخی فیصلے نے وفاق اور صوبوں کے درمیان قانون سازی اور محصولات عائد کرنے کے آئینی اختیارات کی واضح حدود کو مزید مستحکم کیا ہے، جس سے کاروباری برادری کو ضروری قانونی تحفظ اور وضاحت حاصل ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے سے کاروباری طبقے کو خاطر خواہ ریلیف ملے گا، غیر ضروری مالی بوجھ اور کاروباری اخراجات میں کمی آئے گی اور پاکستان کی صنعتی و برآمدی مصنوعات کی مسابقتی صلاحیت بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ علی حسام اصغر نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں پر زور دیا کہ عدالتی فیصلے پر مؤثر اور بروقت عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور عدالت کی ہدایات کے مطابق متعلقہ محصولات کے مطالبات اور ریکوری کی کارروائیاں واپس لی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل کی معاشی اور ٹیکس پالیسیوں کی تشکیل میں بھی اس فیصلے کو رہنما اصول بنایا جانا چاہیے تاکہ کاروباری طبقے پر محصولات کا دوہرا بوجھ نہ پڑے۔ انہوں نے کہا کہ پالیسیوں میں تسلسل، آئینی وضاحت اور حکومت و کاروباری برادری کے درمیان مضبوط تعاون پائیدار معاشی ترقی کے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ لاہور چیمبر حکومت کے ساتھ مل کر ایسا شفاف، مستحکم اور کاروبار دوست ماحول پیدا کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا جو صنعتی ترقی، سرمایہ کاری، تجارت اور روزگار کے نئے مواقع کے فروغ میں معاون ثابت ہو۔

بقیہ 30

ریلیف پیکیج وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ شہزاد شبیر عباسی نے کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بجلی و گیس کے بھاری بلوں، اضافی ٹیکسوں اور کاروباری اخراجات میں مسلسل اضافے نے تاجر برادری کو شدید معاشی دباؤ سے دوچار کردیا ہے۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے تاجروں کے لیے کاروبار جاری رکھنا مشکل ہوتا جا رہا ہے، جبکہ کاروباری سرگرمیوں میں کمی سے روزگار کے مواقع بھی متاثر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ تاجروں کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے بجلی کے نرخوں میں کمی، ٹیکس نظام میں آسانی اور کاروبار دوست پالیسیوں کا اعلان کیا جائے۔

بقیہ 31

ہیں، جبکہ حادثے میں ملوث نامعلوم گاڑی اور اس کے ڈرائیور سے متعلق بھی معلومات حاصل کی جارہی ہیں۔

بقیہ 32

کے مطابق تحصیل پبی میں تھانہ جلوزئی کے علاقے شاہ کوٹ پایان میں شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ سے روکنے پر دو فریقین حضرت حسین اور شاہد ولد خوشحال گروپ میں زبانی تکرار ہوئی جس کے بعد فریقین کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ گولیاں لگنے سے ایک فریق سے حضرت حسین ولد محمد عامر عمر 20 سال اور دوسرے فریق سے شاہد ولد خوشحال عمر 45 سال اور اس کا بیٹا تحسین ولد شاہد عمر 25 سال ساکنان شاہ کوٹ پایان جاں بحق ہو گئے۔ فائرنگ سے دو راہ گیر شاہ روز ولد قادر شاہ اور ماجد نواز ولد نور نواز ساکنان شاہ کوٹ پایان شدید زخمی ہوگئے جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 33

ہیں۔ پولیس حکام نے کہا کہ گرفتار ملزمان سے تفتیش جاری ہے تاکہ گینگ کے دیگر ارکان اور موٹر سائیکل چوری کی مزید وارداتوں کا سراغ لگایا جاسکے۔

بقیہ 34

کراچی کی طرف موڑ لیا۔ جناح ایئرپورٹ پر لینڈنگ کے بعد پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی (پی اے اے) کی میڈیکل ٹیم نے طیارے میں پہنچ کر مسافر کو فوری طبی امداد فراہم کرنے کی کوشش کی تاہم ڈاکٹرز کے مطابق دل کا دورہ پڑنے کے باعث مسافر کا انتقال ہوچکا تھا۔

بقیہ 35

مزید اختیارات دینے کے حکومتی عزم کا ثبوت ہیں، گورنر راج اور ایمرجنسی، ن لیگ اور پیپلز پارٹی کا مشترکہ فیصلہ تھا دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ رہے گی۔

بقیہ 36

جبران اس سے قبل بھی متعدد مرتبہ گرفتار ہوکر جیل جاچکا ہے، جبکہ اس کا بھائی ساربان مبینہ پولیس مقابلے میں مارا جاچکا ہے۔ پولیس نے جبران کو حراست میں لینے کے بعد مزید تفتیش کے لیے نامعلوم مقام پر منتقل کردیا ہے۔ تاہم اس حوالے سے مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔

بقیہ 37

ہونے والے ٹرالر کو سیدھا کرنے کے لیے کرین طلب کرلی گئی ہے۔ حکام کے مطابق حادثہ دھند کے باعث پیش آیا۔

بقیہ 38

سامنا کرنا پڑا۔ تازہ اطلاعات کے مطابق، انڈونیشیا کے صوبہ بنتن میں کینڈی بنانے والی فیکٹری میں لگنے والی آگ کے بعد 24 لاشیں برآمد کی جاچکی ہیں۔ ریسکیو حکام اب بھی تباہ شدہ عمارت میں تلاش جاری رکھے ہوئے ہیں، جبکہ متعدد افراد لاپتہ ہیں۔ لاشوں کی شناخت کے لیے ڈی این اے ٹیسٹ کا عمل بھی شروع کیا گیا ہے۔ آگ کے باعث فیکٹری کی تین منزلہ عمارت بری طرح تباہ ہوگئی اور کئی حصوں کی چھت گرگئی۔ عمارت کے غیر مستحکم ڈھانچے، ملبے اور باقی رہ جانے والے گرم مقامات کے باعث امدادی کارروائیاں خطرناک ہوگئی ہیں۔

بقیہ 39

پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے 40 مختلف اقسام کے غیرقانونی ہتھیار، دو کاریں اور 17 موٹر سائیکلیں برآمد کیں، جبکہ جرائم کی دیگر وارداتوں میں استعمال ہونے والا 124 سے زائد مختلف اقسام کا غیرقانونی اسلحہ بمعہ ایمونیشن بھی تحویل میں لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق منشیات فروشوں کے خلاف جاری مہم کے دوران لاکھوں روپے مالیت کی 259 کلو 123 گرام چرس، 4 کلو 733 گرام آئس/کرسٹل اور ہیروئن برآمد کی گئی۔ کراچی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے چھینی اور چوری شدہ 30 موٹر سائیکلیں اور 6 بڑی گاڑیاں بھی برآمد کیں۔

بقیہ 40

صوبے میں تعلیمی نظام کی بہتری اور امتحانی عمل کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی سربراہی میں محکمہ تعلیم کی جانب سے متعارف کرائی جانے والی اصلاحات کا بنیادی مقصد طلبہ کو شفاف، منصفانہ اور میرٹ پر مبنی امتحانی نظام فراہم کرنا ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے نہ صرف امتحانی عمل میں شفافیت بڑھے گی بلکہ طلبہ کی محنت کا درست انداز میں جائزہ لینے اور نتائج کی تیاری میں بھی بہتری آئے گی۔ ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری نے اس موقع پر کہا کہ امتحانی نظام میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے، آن لائن پیپر مارکنگ سے جانچ کے عمل میں شفافیت، یکسانیت اور جواب دہی کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کا مستقبل امتحانی نتائج سے وابستہ ہوتا ہے، اس لیے ضروری ہے کہ ان کے پرچوں کی جانچ غیر جانبدارانہ اور میرٹ کے مطابق ہو۔ جدید نظام سے انسانی مداخلت اور ممکنہ غلطیوں میں کمی آئے گی جبکہ طلبہ کو ان کی کارکردگی کے مطابق درست نمبر مل سکیں گے۔ چیئرمین بورڈ عباس حیدر گوندل نے بتایا کہ رواں سال جماعت گیارہویں کے سیکنڈ اینول امتحان میں کمپیوٹر کا پرچہ آن لائن مارکنگ نظام کے تحت چیک کیا جارہا ہے، جبکہ آئندہ سالانہ امتحانات میں چار مضامین کے جوابی پرچوں کی جانچ بھی اسی ڈیجیٹل نظام کے ذریعے کی جائے گی۔ نئے نظام کے تحت طلبہ کے جوابی پرچوں کو ڈیجیٹل شکل میں اساتذہ کی کمپیوٹر اسکرینوں پر فراہم کیا جائے گا، جہاں وہ مقررہ طریقہ کار کے مطابق مارکنگ کریں گے۔ اس کے علاوہ طلبہ کی حاضری اور امتحانی ریکارڈ کا ڈیجیٹل اندراج بھی کیا جائے گا، جس سے پرچوں کی جانچ، ریکارڈ کی حفاظت اور نتائج کی تیاری کا عمل زیادہ منظم اور مؤثر ہوگا۔ تقریب کے شرکاء کو آن لائن پیپر مارکنگ کے مختلف مراحل اور مکمل طریقہ کار کا عملی مظاہرہ بھی کرایا گیا۔

بقیہ 41

سائنسز ساہیوال کیمپس محمد عقیل اشفاق، سی ای او میاں محمد ساجد، ڈائریکٹر آرٹس کونسل ڈاکٹر ریاض ہمدانی، معززین شہر اور طلبہ نے شرکت کی۔ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے کہا کہ بزرگ معاشرے کا قیمتی سرمایہ اور تہذیبی روایات کے امین ہیں، ان کی عزت و تکریم ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ مقررین نے آرٹس کونسل کی اس کاوش کو سراہتے ہوئے اسے بین النسلی محبت اور ثقافتی اقدار کے فروغ کا مؤثر ذریعہ قرار دیا۔ میلے میں قدیم نوادرات، روایتی کھیلوں، ہڑپہ جھومر، اسٹیج ڈرامے اور محفل موسیقی کا اہتمام کیا گیا، جبکہ محکمہ صحت نے بزرگ شہریوں کو طبی سہولیات فراہم کیں۔ اختتام پر ممتاز بزرگ شہریوں میں اعتراف خدمات کے سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 42

پنکی، محمد عباد اور عزیر الرحمان شامل ہیں۔ جیل حکام نے ملزمہ انمول عرف پنکی کو پیش کیا۔ عدالت نے ملزمان پر فرد جرم عائد کردی تاہم ملزمان نے صحت جرم سے انکار کردیا۔ صحت جرم سے انکار پر عدالت نے گواہان و تفتیشی افسر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر پیش ہونے کا حکم دیدیا، عدالت نے سماعت 3 دسمبر تک ملتوی کردی۔ پولیس کے مطابق ملزمان کیخلاف تھانہ ڈیفنس میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ دریں اثنا کراچی سینٹرل جیل انسداد دہشتگردی کمپلیکس میں قائم صوبائی کنٹرول آف نارکوٹکس عدالت نمبر 2 کے روبرو ڈرگ ڈیلر ملزمہ انمول عرف پنکی و دیگر کیخلاف منشیات کے ایک اور مقدمے کی سماعت ہوئی۔ جیل حکام نے ملزمہ انمول عرف پنکی کو پیش کیا تاہم استغاثہ کے گواہ پیش نہیں ہوئے۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر گواہان کو حاضری یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے سماعت 3 دسمبر تک ملتوی کردی، پولیس کے مطابق ملزمان کیخلاف گارڈن تھانے میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بقیہ 43

کی وسیع پیمانے پر جانچ پڑتال کی گئی، جس کے نتیجے میں ان ڈور 86 اور آٹ ڈور 81 مثبت کنٹینرز کی نشاندہی ہوئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 16 سے 19 نومبر کے دوران مختلف سرکاری محکموں نے اینڈرائیڈ ایپلی کیشن کے ذریعے انسداد ڈینگی سرگرمیاں جاری رکھیں۔ اسکول ایجوکیشن، پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن، لوکل گورنمنٹ، میونسپل کمیٹی چیچہ وطنی اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی سمیت دیگر محکموں کی کارکردگی نمایاں رہی۔ تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن کے تحت ان ڈور سرگرمیوں کا اوسط اسکور 96 فیصد جبکہ آٹ ڈور سرگرمیوں کا 87 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔ ڈینگی مریضوں کے علاج کے لیے ضلع کے تین سرکاری ہسپتالوں میں 20 ڈینگی وارڈ بیڈز اور 4 ایچ ڈی یو بیڈز مختص ہیں اور تمام 24 بیڈز خالی ہیں۔ فوگنگ مشینری اور دیگر ضروری آلات بھی فعال حالت میں موجود ہیں جبکہ انسداد ڈینگی ادویات کا اسٹاک دستیاب ہے۔ قائم مقام کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ محکمے انسداد ڈینگی سرگرمیوں میں اپنی ذمہ داریاں پوری مستعدی سے ادا کریں، ہاٹ سپاٹس کی مسلسل نگرانی اور ان ڈور و آٹ ڈور سرویلنس کو مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے اینڈرائیڈ ایپلی کیشن پر سرگرمیوں کا بروقت اندراج اور فیلڈ سرگرمیوں کی مؤثر تصدیق یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ انسداد ڈینگی مہم میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام محکمے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت کام جاری رکھیں تاکہ ڈینگی کے پھیلاؤ کی روک تھام اور شہریوں کی صحت کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 44

پیٹرولیم مصنوعات پر عائد کلائمٹ سپورٹ لیوی کی مد میں تقریباً 47 ارب روپے کی الگ وصولی کی گئی۔

بقیہ 45

رقم واپس کی اور روپوش ہوگیا۔ گرفتار ملزم کے خلاف متاثرہ شہری کی شکایت پر مزید کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 46

جب قومی ٹیکس اکانٹ امتحان میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے امیدوار نے اعتراف کیا کہ اس نے امتحان میں نقل کے لیے ایک چھوٹا کیمرہ اور سمارٹ فون استعمال کیا تھا، امیدوار نے تقریباً مکمل نمبر حاصل کیے تھے۔ یہ واقعہ ملک کے انتہائی اہم یونیورسٹی داخلہ امتحان سونونگ سے محض چار روز قبل سامنے آیا، جس کے بعد حکام نے امتحانی مراکز میں نقل کی روک تھام کے لیے ہنگامی اقدامات شروع کردیے۔ جنوبی کوریا میں سونونگ کا سالانہ امتحان تقریباً نو گھنٹے جاری رہتا ہے اور اسے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلے، اچھی ملازمتوں اور بہتر مستقبل کے حصول کے لیے انتہائی اہم سمجھا جاتا ہے۔ سکینڈل کے بعد حکام نے امتحانی مراکز کے اطراف عوامی وائی فائی سروس بند کرنے اور امیدواروں کے لباس کے بٹنوں پر اسٹیکرز لگانے سمیت متعدد حفاظتی اقدامات کیے تاکہ چھپے ہوئے کیمروں اور دیگر الیکٹرانک آلات کے ذریعے نقل کو روکا جاسکے۔ وزیر تعلیم چوئی کیو جن کے امتحان سے تین روز قبل دیے گئے بیانات پر عوامی تنقید سامنے آئی اور وہ عوام کو امتحانی نظام کے تحفظ سے متعلق مطمئن کرنے میں ناکام رہے۔ وزیر تعلیم نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ امتحان کسی بڑے ناخوشگوار واقعے کے بغیر مکمل ہوگیا، تاہم بطور وزیر وہ اس تنقید سے خود کو بری الذمہ نہیں سمجھتے کہ حکومت نے پہلے سے مناسب تیاری نہیں کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ امتحان مکمل ہونے کے بعد وہ اس معاملے کی پوری ذمہ داری قبول کرتے ہوئے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے رہے ہیں۔ جنوبی کوریا کے صدارتی دفتر نے تصدیق کی ہے کہ صدر لی جے میونگ نے وزیر تعلیم کا استعفیٰ منظور کرلیا ہے۔

بقیہ 47

درمیان باہمی اعتماد، عوامی روابط اور افہام و تفہیم کو فروغ ملے گا۔ سپتنک نیا اردو سروس کے آغاز پر روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی کا ماسکو اسٹوڈیو میں پہلا خصوصی انٹرویو بھی ریکارڈ کیا، جس میں پاک روس تعلقات اور دونوں ممالک کے درمیان میڈیا روابط کی اہمیت اجاگر کی گئی۔ سپتنک کیمطابق ادارہ دنیا بھر میں 30 سے زائد زبانوں میں خبریں اور معلومات فراہم کررہا ہے، جبکہ اس کے یورپ، ایشیا، افریقہ، لاطینی امریکہ اور مشرق وسطیٰ میں 26 ادارتی مراکز قائم ہیں۔ ادارے کے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر سبسکرائبرز کی تعداد 3 کروڑ 40 لاکھ سے تجاوز کرچکی ہے، جبکہ اس کی ریڈیو نشریات دنیا بھر میں 21 کروڑ سے زائد سامعین تک پہنچتی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کے متوقع دورہ روس سے قبل اردو سروس کا آغاز دونوں ممالک کے میڈیا روابط میں اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔ نئی سروس کے ذریعے پاکستانی عوام کو روس کی ثقافت، معاشرت اور مختلف شعبوں میں پیش رفت سے آگاہی کے مواقع بھی میسر آئیں گے۔

بقیہ 48

کسی بیماری کی وجہ نہیں ہوتی بلکہ یہ جسم میں موجود کسی بنیادی طبی مسئلے کی علامت بھی ہوسکتی ہے۔ محققین کے مطابق ڈپریشن، نیند کے دوران سانس لینے میں دشواری، جسم میں سوزش، جسمانی کمزوری، متعدد دائمی بیماریاں اور ادویات کے مضر اثرات طویل نیند سے منسلک ہوسکتے ہیں۔ تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ دل کے مریضوں میں یہ علامات صحت کی بگڑتی ہوئی صورتحال کی نشاندہی کرسکتی ہیں، جنہیں معمول کے طبی معائنے کے دوران نظرانداز کیے جانے کا خدشہ رہتا ہے۔ محققین نے زور دیا کہ مریضوں سے نیند کے دورانیے کے بارے میں سوال کرنا خطرے سے دوچار افراد کی نشاندہی اور مزید طبی معائنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ تحقیق کے مطابق نیند کے دورانیے کا جائزہ لینا ایک آسان، غیر تکلیف دہ اور کم خرچ طریقہ ہے، جسے اسپتالوں اور عام طبی مراکز میں بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ ماہرین نے واضح کیا ہے کہ طویل نیند کو موت کی یقینی علامت نہیں سمجھنا چاہیے، تاہم دل کے مریضوں میں نیند کے معمولات میں غیر معمولی تبدیلی کو نظرانداز کرنے کے بجائے ڈاکٹر سے مشورہ کرنا ضروری ہے۔

بقیہ 49

کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور اعلیٰ حکام بھی امدادی ٹیموں کے ساتھ موقع پر پہنچ گئے۔ حکام کا کہنا ہے کہ مزدا ڈالے پر ٹوٹل 16 افراد سوار تھے، 8 افراد حادثہ کے وقت نکل آئے تھے، ٹرک تلے دبے افراد میں سے 7 ڈیڈ باڈیز کو نکال لیا گیا، ایک شخص کو زخمی حالت میں نکالا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق امدادی ٹیموں کی مدد سے جاں بحق ہونے والے افراد کی لاشوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا، حادثے کا شکار افراد خیرپور ڈاہا سے بہاول پور جارہے تھے۔

بقیہ 50

کوہلی کے محاذ پر تعیناتی کے دوران دشمن کے ٹینک تباہ کرکے ان کو بھاری نقصان پہنچایا، میجر محمد اکرم 5 دسمبر 1971ء کو بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کرگئے وہ مشرقی پاکستان موجودہ بنگلا دیش میں مدفون ہیں انہیں پاکستان کے سب سے بڑے فوجی اعزاز نشان حیدر سے نوازا گیا

بقیہ 51

نشر کی۔ جس میں دونوں کمانڈرز کو میزائلوں اور فوجی ساز وسامان سے بھرے طویل زیرزمین سرنگوں میں دیکھا گیا۔ اس موقع پر پاسداران انقلاب کے سربراہ احمد واحدی نے کہا کہ دشمن کو پہنچنے والا نقصان محض آغاز ہے، اسے مزید ذلت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ایرانی فضائیہ کے کمانڈر مجید موسوی نے دعوی کیا کہ گزشتہ دو تنازعات کے دوران ایران کی عسکری صلاحیتوں میں اضافہ ہوا ہے اور جدید ہتھیار دشمن کو خوفزدہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق ایران نے رواں ماہ کے آغاز میں بھی ایک نئے زیرزمین میزائل اڈے کی رونمائی کی تھی جہاں بیلسٹک اور کروز میزائلوں سمیت مختلف فوجی ساز وسامان موجود ہونے کا دعوی کیا گیا تھا۔ تاہم ایران نے نئے میزائل لانچر کی مکمل تکنیکی تفصیلات، اس کی عملی آزمائش یا جنگ میں استعمال ہونے کی تصدیق نہیں کی۔

بقیہ 52

مطابق دونوں ممالک کے درمیان قریبی تعلقات کے فروغ میں پرتگال میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے کردار کو سراہا، رہنماؤں نے علاقائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ پرتگال کے وزیر خارجہ نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔

بقیہ 53

تھی۔ پہلی خاتون فائٹر پائلٹ نے 6 مئی 2011 میں پاکستان ایئر فورس کو جوائن کیا اور 24 ستمبر 2014 کو ایئر فورس سے گریجوایشن مکمل کی، مریم مختیار 132 ویں جی ڈی پائلٹ کورس میں شریک تھیں۔ مریم مختیار نے پی اے ایف اکیڈمی رسالپور میں فائٹر جیٹ پائلٹ کی تربیت حاصل کی۔ فلائنگ آفیسر مریم مختیار چوبیس نومبر 2015 کو اپنے انسٹرکٹر، ثاقب عباسی کے ساتھ معمول کی تربیتی پرواز پر تھیں، جب میانوالی کے قریب ان کا طیارہ تکنیکی خرابی کی وجہ سے گر کر تباہ ہوگیا تھا اور مریم مختیار حادثے میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جہان فانی سے کوچ کرگئیں تھیں اور پاکستان کی پہلی شہید خاتون پائلٹ کا اعزاز ملا۔ فائٹر پائلٹ مریم مختار کا شمار لڑاکا طیارے کی ان پانچ خواتین پائلٹس میں ہوتا تھا، جنہیں محاذ جنگ تک جانے کی اجازت تھی۔ مریم کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ آپ دوران ڈیوٹی شہید ہونے والی پاک فضائیہ کی پہلی فائٹر پائلٹ ہیں، ان کو تمغہ بسالت سے بھی نوازا گیا۔

بقیہ 54

کونشن سے خطاب کرتے ہوئے شاہی سید نے کہا کہ بلاول بھٹو کے بیان پر سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت ہے، مسائل کا حل مذاکرات میں ہے، آج سندھی قوم پرست اور مہاجر دونوں ریلیاں نکال رہے ہیں۔ شاہی سید نے کہا کہ 18ویں ترمیم پر من وعن عمل نہیں ہوا، بلدیاتی اداروں کو مضبوط بنایا جائے۔ پارلیمنٹ، عدلیہ اور میڈیا کو مضبوط کرنا ہوگا، مضبوط ادارے ہی پاکستان کو مضبوط بنائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ سندھ میں کرپشن کا نظام سب کے سامنے ہے، کرپشن کی شرح میں خطرناک اضافہ ہوا ہے، اداروں کو درست کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 55

نے ثقافتی میلے کے انعقاد کو سراہتے ہوئے بزرگ شہریوں میں اعتراف خدمات کے سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے۔ تقریب کے دوران یادرفتگاں کے تحت ساہیوال کی نامور شخصیات مجید امجد، منیر نیازی، ایزد عزیز، دبا، سابق صوبائی وزیر ملک ندیم کامران، شیخ محمد یونس اور ہیڈ ماسٹر شیخ محمد عمر کی ادبی، فنی، سیاسی، سماجی اور تعلیمی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ تقریب میں سیاسی، سماجی، ادبی اور علمی حلقوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ 56

ذوالفقار علی بھٹو ملک کے وزیر خارجہ اور وزیراعظم رہے ہیں۔ 1970ء کے انتخابات میں پیپلز پارٹی ملک کی دوسری بڑی جماعت کے طور پر ابھر کر سامنے آئی۔ پاکستان پیپلز پارٹی اب تک چار مرتبہ اقتدار میں آئی ذوالفقار علی بھٹو اس ملک کے وزیراعظم بنے جبکہ ان کی دختر محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کو بھی پاکستان اور عالم اسلام کی پہلی خاتون وزیراعظم ہونے کا شرف حاصل رہا ہے۔ اس وقت پیپلز پارٹی کی باگ ڈور چیئرمین بلاول بھٹو اور آصف علی زرداری کے ہاتھ میں ہے۔

بقیہ 57

اور بااختیار بنانا بھی ایک موثر راستہ ہوسکتا ہے۔ چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ پاکستان کے سب سے بڑے اسٹیک ہولڈرز پاکستان کے عام لوگ ہیں، آج درست سمت میں قدم نہ اٹھایا تو کل معاف نہیں کرے گا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان اور کے پی کے میں انسداد دہشتگردی اور قیام امن کیلئے کئے گئے اقدامات سے متعلق آگاہ کیا، کہا پاکستان کے عوام کی منشا کے مطابق تمام تر فیصلے کرنا وقت کا اولین تقاضا ہے۔ وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز چودھری سالک حسین اور صوبائی وزیر صنعت چودھری شافع حسین بھی ملاقات میں موجود تھے۔

روزانہ کافی پینے سے ڈیمنشیا کے خطرات میں کمی ہوسکتی ہے، تحقیق

نیویارک (سی ایم لنکس) امریکن فزیولوجیکل سوسائٹی کے تحت 43 سال تک جاری رہنے والی ایک طویل ترین تحقیق کے نتائج میں یہ انکشاف کیا گیا ہے کہ معتدل مقدار میں کیفین والی کافی پینے سے دماغی صحت پر انتہائی مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ محققین نے دیکھا کہ جو افراد باقاعدگی سے کیفین والی کافی کا استعمال کرتے ہیں، ان میں ڈیمنشیا (نسیان یا یادداشت کی شدید کمزوری) لاحق ہونے کی شرح بہت کم دیکھی گئی۔ باقاعدگی سے کافی پینے والوں میں سالانہ ڈیمنشیا کے 141 کیسز فی لاکھ افراد ریکارڈ کیے گئے، جبکہ کافی نہ پینے والے افراد میں یہ شرح 330 کیسز فی لاکھ سالانہ تھی۔ تحقیق کے مطابق روزانہ 2 سے 3 کپ کیفین والی کافی پینا دماغی کارکردگی اور یادداشت کے تحفظ کے لیے سب سے زیادہ مؤثر ثابت ہوا۔ البتہ اس سے زیادہ مقدار پینے سے کوئی اضافی فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ کافی کے یہ فوائد ہر فرد کے لیے یکساں ظاہر ہوئے، خواہ ان کی فیملی ہسٹری یا جینیاتی ساخت کی وجہ سے انہیں ڈیمنشیا لاحق ہونے کا خطرہ زیادہ ہی کیوں نہ ہو۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ بغیر کیفین والی کافی (Decaf Coffee) میں اس طرح کے حفاظتی اثرات نہیں دیکھے گئے، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس میں کیفین کا مادہ بنیادی کردار ادا کررہا ہے۔ کافی کے ساتھ ساتھ تحقیق میں چائے کے استعمال کو بھی بہتر دماغی صحت سے جڑا ہوا پایا گیا، جہاں روزانہ 1 سے 2 کپ چائے پینے والے افراد میں بھی اچھے نتائج دیکھے گئے۔

محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن
یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور
تصحیح
پنجاب کے سرکاری نرسنگ کالجوں میں داخلہ برائے
بی ایس نرسنگ-Generic (چار سالہ پروگرام) سیشن 2026-2027

بحوالہ اشتہار (ایس پی ایل نمبر 1129) جو مورخہ 15 نومبر 2026ء کو قومی اخبارات، بشمول روزنامہ جنگ، دنیا اور دی نیشن میں شائع ہوا، درج ذیل وضاحت کی جاتی ہے:

مذکورہ اشتہار میں درج اداروں کی فہرست میں سیریل نمبر 11 پر موجود کالج آف نرسنگ، چلڈرن ہسپتال، لاہور کے سامنے ایوننگ بیچ کے کالم میں درج اندراج کو درست طور پر یوں پڑھا جائے: "بی ایس نرسنگ (پیڈیاٹرکس) کے لیے 100 نشستیں"

امیدوار آن لائن داخلہ پورٹل کے ذریعے کالجوں کے لیے اپنی ترجیحات کی ترتیب میں، بشمول کالج آف نرسنگ، چلڈرن ہسپتال، لاہور، تبدیلی کر سکتے ہیں۔ اس تبدیلی کی اجازت درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ یعنی 3 دسمبر 2026ء، شام 05:00 بجے تک ہوگی۔ مقررہ آخری تاریخ گزرنے کے بعد ترجیحات میں کسی قسم کی تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

اصل اشتہار کی دیگر تمام شرائط، ضوابط اور دفعات بغیر کسی تبدیلی کے برقرار رہیں گی اور مکمل طور پر نافذ العمل ہوں گی۔

وائس چانسلر
یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، خیابان جامعہ پنجاب، لاہور-54600
فون: 042-99231305-09
SPL#1155
/uhs.lhrofficial /uhs.lhrofficial /uhslhrofficial /uhslhrofficial www.uhs.edu.pk

حکومت اور تاجر برادری کے درمیان مؤثر مشاورت سے ہی پائیدار معاشی بہتری ممکن ہے، شہزاد شبیر عباسی

تاجروں کو سازگار ماحول فراہم کیا جائے

چھوٹے اور درمیانے درجے کے تاجروں کے لیے کاروبار جاری رکھنا مشکل ہوگیا، روزگار کے مواقع بھی متاثر ہورہے ہیں

بڑھتی مہنگائی، بجلی و گیس کے بھاری بلوں اور اضافی ٹیکسوں نے تاجروں کو شدید معاشی دباؤ سے دوچار کردیا ہے

بجلی کے نرخوں میں کمی، ٹیکس نظام میں آسانی اور کاروبار دوست پالیسیوں کا اعلان وقت کی اہم ضرورت ہے

سرمایہ کاری بڑھے اور ملکی معیشت استحکام کی جانب گامزن ہو، صدر ایف سکس سپر مارکیٹ کا وفد سے گفتگو میں اظہارِ خیال

اسلام آباد (این ای این) ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن ایف سکس سپر مارکیٹ کے صدر شہزاد شبیر عباسی نے کہا ہے کہ حکومت اور تاجر برادری کے درمیان مؤثر رابطے اور مشاورت سے ہی پائیدار معاشی بہتری ممکن ہے ۔ تاجروں کو سازگار کاروباری ماحول فراہم کیا جائے تاکہ سرمایہ کاری بڑھے، روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں اور ملکی معیشت استحکام کی جانب گامزن ہو۔ تاجر برادری کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تاجر ملکی معیشت، روزگار کی فراہمی اور قومی ترقی میں اہم کردار ادا کررہے ہیں، اس لیے انہیں مشکلات سے نکالنا حکومت کی اہم ترجیح ہونی چاہیے۔ بجلی کے نرخوں میں کمی، ٹیکس نظام میں آسانی، غیر ضروری کاروباری پابندیوں کا خاتمہ اور چھوٹے تاجروں کے لیے خصوصی (بقیہ نمبر 30)

لاہور، الحمراء میں ترکیہ کے فن ایبرو پر خصوصی ورکشاپ میں ترکش آرٹسٹ، آرٹ بنانا سکھا رہا ہے

شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ کرنے پر تکرار

باپ بیٹے سمیت 3 افراد جاں بحق، 2 راہگیر شدید زخمی ہو گئے

نوشہرہ (آئی آئی پی) نوشہرہ کے علاقے شاہ کوٹ پایان میں دو فریقین کے درمیان شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ کرنے پر زبانی تکرار کے دوران گولیاں چلنے سے باپ بیٹے سمیت تین افراد جاں بحق اور دو راہ گیر شدید زخمی ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس (بقیہ نمبر 32)

ملتان کی پرواز میں عمرہ کے 80 سالہ مسافر کا انتقال

پائلٹس نے اے ٹی سی کو آگاہ کرکے پرواز کا رخ کراچی کی طرف موڑ لیا

کراچی (اے ایف بی) مدینہ سے ملتان کی نجی ایئر کی پرواز پی ایف 763 میں 80 سالہ مسافر کا انتقال ہوگیا، جان بچانے کی کوشش میں پرواز نے کراچی ایئرپورٹ پر ہنگامی لینڈنگ کی۔ پرواز پاکستان کی فضائی حدود میں آوادران کے قریب تھی کہ 80 سالہ مسافر شیخ محمد عالم کی طبیعت خراب ہوگئی۔ پائلٹس نے اے ٹی سی کو آگاہ کرکے پرواز کا رخ (بقیہ نمبر 34)

وانا بازار میں فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل شہید

پشاور (آئی آئی پی) جنوبی وزیرستان کے وانا بازار میں فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل شہید ہوگیا۔ پولیس کے مطابق نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کی اور فرار ہوگئے، پولیس اہلکار موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ شہید پولیس کانسٹیبل کی شناخت سلام دوتانی کے نام سے ہوئی ہے۔

بھینس کالونی موڑ پر گاڑی کی ٹکر سے راہگیر خاتون جاں بحق

کراچی (این این آئی) شہر کے علاقے بھینس کالونی موڑ، بچہ جیل کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے راہگیر خاتون جاں بحق ہوگئی، جبکہ حادثے کے بعد گاڑی کا ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا۔ چھیپا ذرائع کے مطابق حادثے کی اطلاع ملنے پر امدادی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور خاتون کی لاش تحویل میں لے کر جناح اسپتال منتقل کردی۔ ذرائع نے کہا کہ حادثے میں جاں بحق ہونے والی خاتون کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی، جس کے لیے کوششیں جاری (بقیہ نمبر 31)

کراچی، موٹر سائیکل لفٹر گینگ گرفتار، 3 ملزمان پکڑے گئے

کراچی (این این آئی) آرام باغ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل لفٹر گینگ کے تین کارندوں کو گرفتار کرلیا، جن کے قبضے سے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کرلی گئی۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت اسامہ، محمد حسان اور علی اکبر کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزمان سے برآمد ہونے والی موٹر سائیکل چوری کی واردات سے متعلق ہے، جس کے حوالے سے مزید تحقیقات کی جا رہی (بقیہ نمبر 33)

صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ پاکپتن میں دھی رانی پروگرام کے تحت اجتماعی شادیوں کی تقریب میں شریک جوڑے سے اظہار شفقت کررہے ہیں

پی پی گورنر کے پی کو متنازع نہ بنائے، طارق فضل

فیصل کریم کنڈی کا وفاقی حکومت کے ساتھ ورکنگ ریلیشن شپ آئینی و انتظامی ضرورت ہے

گورنر راج اور ایمرجنسی، ن لیگ اور پیپلز پارٹی کا مشترکہ فیصلہ تھا دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ رہے گی

اسلام آباد (اے ایف بی) وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی گورنر خیبر پختونخوا کے آئینی کردار اور وفاق سے رابطوں کو متنازع نہ بنائے۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ فیصل کریم کنڈی کا وفاقی حکومت کے ساتھ ورکنگ ریلیشن شپ آئینی و انتظامی ضرورت ہے، وفاقی حکومت خیبر پختونخوا کے گورنر کو بااختیار بنارہی ہے۔ طارق فضل کا کہنا تھا کہ حالیہ آرڈیننس گورنر کو (بقیہ نمبر 35)

آکسفورڈ گلوبل ایجوکیشن فیوچرز فورم 2026ء کے موقع پر تعلیم، مساوات اور علمی انصاف کے تحقیقی نیٹ ورک کے باضابطہ آغاز کی تقریب میں ممتاز ہرا بلوچ و دیگر سمیت دیگر شرکا شریک ہیں

کراچی سے لاہور جانیوالا کاروں سے بھرا ٹریلر الٹ گیا

حادثہ بہاولپور کے نواح میں خانقاہ شریف بائی پاس کے قریب پیش آیا، حکام

بہاولپور (آئی آئی پی) بہاولپور میں کراچی سے لاہور جانے والا کاروں سے بھرا ٹریلر الٹ گیا۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ حادثہ بہاولپور کے نواح میں خانقاہ شریف بائی پاس کے قریب پیش آیا۔ حکام نے بتایا ہے کہ ٹریلر پر لوڈ 9 نئی گاڑیوں کو نقصان پہنچا تاہم حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ریسکیو حکام نے بتایا ہے کہ حادثے کا شکار الٹے (بقیہ نمبر 37)

فیکٹری میں خوفناک آتشزدگی، ہلاکتوں کی تعداد 24 ہوگئی

آگ نے فیکٹری کے بڑے حصے کو اپنی لپیٹ میں لے، متعدد کارکن اندر پھنس گئے

جکارتہ (آئی آئی پی) انڈونیشیا میں ایک صنعتی فیکٹری میں لگنے والی شدید آگ کے نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 24 ہوگئی ہے، جبکہ حادثے کے بعد امدادی کارروائیاں اور لاپتہ افراد کی تلاش جاری ہے۔ آگ نے فیکٹری کے بڑے حصے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، جس کے باعث متعدد کارکن اندر پھنس گئے اور ریسکیو ٹیموں کو شدید مشکلات کا (بقیہ نمبر 38)

پولیس اور حساس اداروں کی کارروائی، رحمان ڈکیت کا بیٹا گرفتار

کراچی (این این آئی) لیاری پولیس اور حساس اداروں نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے لیاری گینگ وار کے سابق کمانڈر رحمان ڈکیت کے بیٹے جبران کو حراست میں لے لیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق کارروائی کلاکوٹ کے علاقے جھٹ پٹ مارکیٹ میں خفیہ اطلاع پر کی گئی، جہاں چھاپے کے دوران جبران کو حراست میں لیا گیا۔ ذرائع نے کہا کہ (بقیہ نمبر 36)

28 پولیس مقابلوں میں 28 زخمیوں سمیت 50 ڈکیت گرفتار

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کے احکامات پر شہر بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف پولیس کی کارروائیاں جاری ہیں۔ کراچی پولیس نے گزشتہ ایک ہفتے کے دوران مختلف کارروائیوں میں 843 سے زائد ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق گزشتہ ہفتے شہر کے ایسٹ، ویسٹ اور ساؤتھ زونز میں پولیس اور جرائم پیشہ ملزمان کے درمیان 28 مقابلے ہوئے، جن میں فائرنگ کے تبادلے کے بعد 28 زخمی ڈاکوؤں سمیت 50 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 39)

سابق وفاقی وزیر بیرسٹر محسن شاہنواز رانجھا نے آن لائن مارکنگ نظام کا افتتاح کیا، آئندہ سالانہ امتحانات میں چار مضامین کی مارکنگ بھی آن لائن ہوگی

سرگودھا تعلیمی بورڈ میں آن لائن پیپر مارکنگ نظام کا باقاعدہ افتتاح

سابق وفاقی وزیر چوہدری محسن شاہنواز رانجھا اور ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری نے جدید ای۔ مارکنگ سسٹم کا آغاز کیا

رواں سال گیارہویں کے سیکنڈ اینول میں کمپیوٹر جبکہ آئندہ سالانہ امتحانات میں چار مضامین کے پرچے آن لائن چیک ہونگے، چیئرمین بورڈ عباس حیدر گوندل

سرگودھا (طارق قاسمی سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے تعلیم دوست اقدامات اور صوبے میں امتحانی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے وژن کے تحت بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا میں آن لائن پیپر مارکنگ نظام کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ گورنمنٹ سینٹرل ماڈل ہائی سکول سرگودھا میں جماعت گیارہویں کے سیکنڈ اینول امتحان کے دوران سابق وفاقی وزیر و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما چوہدری محسن شاہنواز رانجھا اور ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری نے نظام کا افتتاح کیا۔ تقریب میں چیئرمین بورڈ عباس حیدر گوندل، کنٹرولر امتحانات محمد زاہد زمان، سی ای او ایجوکیشن وقاص محمود، پرنسپل ڈاکٹر حافظ محمد عبداللہ اور اساتذہ بھی موجود تھے۔ اس موقع پر چوہدری شاہنواز رانجھا نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا آن لائن پیپر مارکنگ کا اقدام (بقیہ نمبر 40)

گورنمنٹ سنٹرل ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول
38420033
سابق وفاقی چوہدری محسن شاہنواز رانجھا، ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری اور چیئرمین تعلیمی بورڈ عباس حیدر گوندل گورنمنٹ سنٹرل ماڈل ہائی سکول میں آن لائن پیپر مارکنگ نظام کا باقاعدہ افتتاح کررہے ہیں

صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ پاکپتن میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف دھی رانی پروگرام کے تحت اجتماعی شادیوں کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

بزرگوں کے اعزاز میں ثقافتی میلہ ساڈے وڈے، ساڈی شان کا انعقاد

اختتام پر ممتاز بزرگ شہریوں میں اعترافِ خدمات کے سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے

ساہیوال (آئی آئی پی) پنجاب کونسل آف دی آرٹس، ساہیوال ڈویژن کے زیراہتمام بزرگ شہریوں کے اعزاز میں ثقافتی میلہ ساڈے وڈے، ساڈی شان منعقد کیا گیا، جس کا افتتاح ایڈیشنل کمشنر (کوآرڈینیشن) ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے کیا۔ تقریب میں مسلم لیگ (ن) کے رہنما پیر احسان الحق ادریس، ڈائریکٹر جنرل بارانی انسٹیٹیوٹ آف (بقیہ نمبر 41)

منشیات کیس میں انمول پنکی و دیگر ملزمان پر فرد جرم عائد

ملزمان کے صحت جرم سے انکار پر عدالت نے تفتیشی افسر اور گواہوں کو نوٹس جاری کردیئے

کراچی (اے ایف بی) صوبائی کنٹرول آف نارکوٹکس عدالت نے منشیات کے مقدمے میں انمول عرف پنکی و دیگر ملزمان پر فرد جرم عائد کردی۔ صحت جرم سے انکار پر عدالت نے تفتیشی افسر اور گواہوں کو نوٹس جاری کردیئے۔ کراچی سینٹرل جیل انسداد دہشتگردی کمپلیکس میں قائم صوبائی کنٹرول آف نارکوٹکس عدالت نمبر 2 کے روبرو انمول عرف پنکی و دیگر ملزمان کیخلاف منشیات کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ ملزمان میں انمول عرف (بقیہ نمبر 42)

لاہور، سپیکر ملک محمد احمد خان پنجاب اسمبلی کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

ڈینگی کیخلاف اقدامات میں غفلت برداشت نہیں کی جائیگی

ہاٹ سپاٹس کی مسلسل نگرانی اور ان ڈور و آؤٹ ڈور سرویلنس کو موثر بنایا جائے

قائم مقام کمشنر ساہیوال ڈویژن کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق کی زیرصدارت اجلاس

ساہیوال (آئی آئی پی) قائم مقام کمشنر ساہیوال ڈویژن کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی (DERC) کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈینگی کی موجودہ صورتحال، انسداد ڈینگی اقدامات، ہاٹ سپاٹس کی نگرانی، ویکٹر سرویلنس اور متعلقہ محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ محکمہ صحت کے افسران نے اجلاس کو ڈینگی کی صورتحال اور جاری سرگرمیوں پر بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ضلع ساہیوال اور تحصیل چیچہ وطنی میں مجموعی طور پر 715 ڈینگی ہاٹ سپاٹس کی نشاندہی کی گئی، جن کی سو فیصد کوریج مکمل کرتے ہوئے 1,295 وزٹس کیے گئے۔ یکم جنوری سے 19 نومبر تک ان ڈور اور آؤٹ ڈور سرویلنس کے دوران گھروں، مختلف مقامات اور پانی کے کنٹینرز (بقیہ نمبر 43)

شہری پیٹرولیم لیوی کے بھاری بوجھ تلے دب گئے ہیں

پیٹرولیم لیوی کی مد میں 1100 ارب روپے سے زائد وصول

اسلام آباد (اے ایف بی) حکومت نے 9 ماہ میں پیٹرولیم لیوی کی مد میں 1100 ارب روپے سے زائد رقم وصول کی۔ ایک رپورٹ کے مطابق شہری پیٹرولیم لیوی کے بھاری بوجھ تلے دب گئے ہیں اور حکومت کی جانب سے اس مد میں وصولیاں جاری ہیں۔ وفاقی حکومت نے جنوری سے ستمبر 2026 کے دوران 9 ماہ میں پیٹرولیم لیوی کی مد میں ایک ہزار 126 ارب 34 کروڑ روپے وصول کرلیے ہیں۔ دوسری جانب اسی مدت میں (بقیہ نمبر 44)

لاہور، پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ندیم افضل چن اور انچارج پیپلز لیبر بیورو چودھری منظور احمد پیپلز سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

لکی مروت میں پولیس وین پر دھماکا، دو اہلکاروں سمیت 5 افراد زخمی

اہلکاروں میں کامران اور سجاد جبکہ شہریوں میں ثناء اللہ، شفقت اللہ اور محمد ذیشان شامل ہیں

پشاور (آئی آئی پی) لکی مروت میں تھانہ صدر پولیس وین پر آئی ای ڈی دھماکے کے نتیجے میں دو اہلکاروں سمیت پانچ افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ حملے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا جبکہ تمام زخمیوں کو سٹی ہسپتال لکی سٹی منتقل کر دیا گیا۔ زخمی ہونے والے اہلکاروں میں کامران اور سجاد جبکہ شہریوں میں ثناء اللہ، شفقت اللہ اور محمد ذیشان شامل ہیں۔

Kurgulanmı
Güzellikler
CONSTRUCTED BEAUTI
KADE
وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف اور انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے خواتین اور انصاف کے سربراہی اجلاس کے موقع پر جمہوریہ ترکی کے خاندانی اور سماجی خدمات کے وزیر ماہنور اوزدیمیر گوکتاس سے ملاقات کی

ایف آئی اے کی کارروائی، ویزہ فراڈ کا ملزم گرفتار

گرفتار ملزم کے خلاف متاثرہ شہری کی شکایت پر مزید کارروائی جاری ہے

راولپنڈی (اے ایف بی) ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل شہید بینظیر آباد کے عملے نے راولپنڈی میں کارروائی کرکے سعودی عرب میں ملازمت کے ویزے کے نام پر فراڈ کے مقدمے میں نامزد ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ملزم محمد اجمل سعودی عرب میں ملازمت کے ویزے اور روزگار فراہم کرنے کے نام پر شہریوں سے مبینہ فراڈ میں ملوث تھا۔ ملزم نے بطور اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز سعودی عرب میں ملازمت کے نام پر 19 لاکھ 50 ہزار روپے وصول کیے۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق ملزم نے رقم وصولی کے باوجود نہ ویزا لگوایا، نہ (بقیہ نمبر 45)

اے آئی سے امتحان میں نقل کا سکینڈل، وزیر تعلیم مستعفی

نقل کا معاملہ سامنے آنے پر ملک بھر میں تشویش پھیل گئی تھی

سیئول (آئی آئی پی) جنوبی کوریا کے وزیر تعلیم چوئی کیو جن نے مصنوعی ذہانت کی مدد سے امتحان میں نقل کے اسکینڈل کے بعد اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا، جسے صدر لی جے میونگ نے منظور کرلیا ہے۔ جنوبی کوریا میں گزشتہ ہفتے یونیورسٹیوں میں داخلے کے لیے ہونے والے اہم قومی امتحان سے قبل مصنوعی ذہانت کی مدد سے نقل کا معاملہ سامنے آنے پر ملک بھر میں تشویش پھیل گئی تھی۔ اس تنازع کا آغاز گزشتہ اتوار کو اس وقت ہوا (بقیہ نمبر 46)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

روسی خبر رساں ادارے سپتنک کی اردو نیوز سروس کا آغاز

پاکستان کی قومی زبان اردو کے لیے اہم پیش رفت، سپتنک اردو زبان میں نیوز سروس شروع کرنے والا پہلا روسی خبر رساں ادارہ بن گیا

وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے سپتنک اردو سروس کے آغاز پر خصوصی ویڈیو پیغام میں ادارے کی انتظامیہ اور ادارتی ٹیم کو مبارکباد دی

اسلام آباد (آئی آئی پی) پاکستان کی قومی زبان اردو کے لیے اہم پیش رفت، روسی خبر رساں ادارے سپتنک نے اردو نیوز سروس کا باقاعدہ آغاز کردیا، سپتنک اردو زبان میں نیوز سروس شروع کرنے والا پہلا روسی خبر رساں ادارہ بن گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے سپتنک اردو سروس کے آغاز پر خصوصی ویڈیو پیغام میں ادارے کی انتظامیہ اور ادارتی ٹیم کو مبارکباد دی۔ عطا اللہ تارڑ کا کہنا تھا کہ سپتنک کی اردو سروس پاکستان اور روس کے عوام کو قریب لانے میں اہم کردار ادا کرے گی، نئی سروس سے دونوں ممالک کے (بقیہ نمبر 47)

لاہور سیکرٹری پنجاب پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل سپورٹس ڈویلپمنٹ سکیموں کے حوالے سے پنجاب سٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

المناک ٹریفک حادثہ، 7 افراد جاں بحق، ایک زخمی

پتھروں سے بھرا ٹرک روڈ پر کھڑے مزدا ڈالے سے ٹکرا کر الٹ گیا

احمد پور شرقیہ (آئی آئی پی) احمد پور شرقیہ میں المناک ٹریفک حادثے میں 7 افراد جاں بحق، جبکہ ایک زخمی ہوگیا ہے۔ پتھروں سے بھرا ٹرک روڈ پر کھڑے مزدا ڈالے سے ٹکرا کر الٹ گیا۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ پتھروں سے بھرا ٹرک روڈ پر کھڑے لوڈر ڈالے سے ٹکرا کر الٹ گیا جس کے نتیجے میں 7 افراد لوڈر ڈالے کے نیچے دب کر جاں بحق ہوگئے، حادثے (بقیہ نمبر 49)

ایران نے بیک وقت 2 میزائل داغنے والا نیا لانچر متعارف کرادیا

کمانڈر مجید موسوی کی ایک زیر زمین میزائل اڈے کے دورے کی فوٹیج بھی نشر کی

تہران (آئی آئی پی) ایرانی فوجی کمانڈرز نے امریکا کو خبردار کرتے ہوئے بیک وقت دو مائع ایندھن والے میزائل داغنے کی صلاحیت رکھنے والا نیا لانچر متعارف کرا دیا۔ ہفتے کے روز پہلی مرتبہ ایسا میزائل لانچر پیش کیا گیا جو بیک وقت دو مائع ایندھن والے میزائل داغنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ سرکاری ٹیلی وژن نے پاسداران انقلاب کے سربراہ احمد واحدی اور فضائیہ کے کمانڈر مجید موسوی کی ایک زیر زمین میزائل اڈے کے دورے کی فوٹیج بھی (بقیہ نمبر 51)

دل کے مریضوں کیلئے طویل نیند خطرے کی علامت ہوسکتی ہے، تحقیق

کراچی (این این آئی) ایک نئی 15 سالہ تحقیق میں انکشاف ہوا ہے کہ دل کے امراض میں مبتلا افراد کا روزانہ 9 یا اس سے زائد گھنٹے سونا صحت کے لیے تشویش کا باعث ہوسکتا ہے۔ تحقیق کے مطابق روزانہ 9 گھنٹے یا اس سے زیادہ نیند لینے والے دل کے مریضوں میں تمام وجوہات سے موت کا خطرہ 7 سے 8 گھنٹے سونے والے مریضوں کے مقابلے میں 50 فیصد زیادہ دیکھا گیا۔ چین اور جارجیا سدرن یونیورسٹی کے محققین نے کہا کہ زیادہ نیند لازماً (بقیہ نمبر 48)

میجر محمد اکرم شہید نشان حیدر کا 55 واں یوم شہادت 5 دسمبر کو منایا جائے گا

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) پاک فوج کے ہیرو میجر محمد اکرم شہید نشان حیدر کا 55 واں یوم شہادت 5 دسمبر کو منایا جائے گا اس سلسلے میں ٹھٹھہ صادق آباد سمیت مختلف شہروں میں منعقدہ تقریبات میں انہیں خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ میجر اکرم شہید 14 اپریل 1938ء کو جہلم کے علاقہ پنڈ دادن خان میں پیدا ہوئے ان کے والد ملک تخی محمد بھی پاک فوج میں حوالدار تھے۔ میجر محمد اکرم نے دسمبر 1971ء کی پاک بھارت جنگ کے دوران (بقیہ نمبر 50)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی پرتگال کے وزیر خارجہ سے ملاقات

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور پرتگالی وزیر خارجہ پالو رنجل نے پاکستان اور پرتگال کے درمیان تعلقات کا جائزہ لیا

پرتگال کے وزیر خارجہ نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا

اسلام آباد (اے ایف بی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی پرتگال کے وزیر خارجہ سے ملاقات ہوئی جس میں دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور پرتگالی وزیر خارجہ پالو رنجل نے پاکستان اور پرتگال کے درمیان تعلقات کا جائزہ لیا۔ پرتگال کے وزیر خارجہ پالو رنجل نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پرتگال کے عزم کا اعادہ کیا اور اقوام متحدہ میں پاکستان کی حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے (بقیہ نمبر 52)

خاتون رکن پنجاب اسمبلی اجلاس میں شرکت کے لئے آرہی ہیں

12 نہیں 50 صوبے بھی بن جائیں تو مسائل حل نہیں ہوں گے

اداروں کو درست کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، صدر اے این پی سندھ شاہی سید

کراچی (اے ایف بی) عوامی نیشنل پارٹی سندھ کے صدر شاہی سید نے کہا ہے کہ 12 نہیں 50 صوبے بھی بن جائیں تو مسائل حل نہیں ہوں گے۔ پیپلز پارٹی نے کراچی اور سندھ کے دیگر شہروں میں کام نہیں کیا۔ کراچی میں ضلع سینٹرل کے تحت ورکرز (بقیہ نمبر 54)

بزرگوں کی عزت و تکریم ہماری تہذیبی اقدار کا حصہ ہے

ملک محمد ارشد نے بزرگ شہریوں میں اعترافِ خدمات کے سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے

ساہیوال (آئی آئی پی) پنجاب اسمبلی میں مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی ملک محمد ارشد نے پنجاب کونسل آف دی آرٹس، ساہیوال ڈویژن کے زیراہتمام بزرگ شہریوں کے اعزاز میں منعقدہ ثقافتی میلے ساڈے وڈے، ساڈی شان میں شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بزرگ ہمارے معاشرے کا قیمتی اثاثہ اور تہذیبی روایات کے امین ہیں، ان کی عزت و تکریم ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ انہوں (بقیہ نمبر 55)

پولیس اہلکار پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر الرٹ کھڑے ہیں

پہلی خاتون فائٹر پائلٹ مریم مختیار کی گیارہویں برسی آج منائی جائے گی

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) پاک فضائیہ کی پہلی خاتون فائٹر پائلٹ مریم مختیار کی گیارہویں برسی (آج) 24 نومبر منائی جائے گی۔ مریم مختیار 18 مئی 1992 کو کراچی میں پیدا ہوئیں، ابتدائی تعلیم کراچی میں حاصل کی اور سول انجینئرنگ میں ڈگری حاصل کی، مریم کے والد کرنل (ر) مختیار احمد شیخ پاک فوج میں شامل تھے، ایک فوجی گھرانے سے تعلق رکھنے کی وجہ سے ملک و قوم کیلئے کچھ کر دکھانے کی امنگ ان میں بچپن سے ہی موجزن (بقیہ نمبر 53)

پیپلز پارٹی کا 59 واں یوم تاسیس 30 نومبر کو منایا جائیگا

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کا 59 واں یوم تاسیس 30 نومبر کو منایا جائے گا اس دن کے حوالے سے ٹھٹھہ صادق آباد سمیت ملک بھر میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے پیپلز پارٹی کے مرکزی، صوبائی اور مقامی قائدین خطاب کرتے ہوئے پارٹی کی تاریخ اور قربانیوں پر روشنی ڈالیں گے۔ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی ایک بڑی سیاسی جماعت ہے جس کا قیام 30 نومبر 1967ء کو عمل میں لایا گیا اس جماعت کے بانی (بقیہ نمبر 56)

محسن نقوی کی چوہدری شجاعت حسین سے ملاقات

نئے صوبوں کے معاملے پر تبادلہ خیال، پاکستان کے سب سے بڑے اسٹیک ہولڈرز پاکستان کے عام لوگ ہیں

آج درست سمت میں قدم نہ اٹھایا تو کل معاف نہیں کرے گا، چوہدری شجاعت حسین

لاہور (اے ایف بی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین سے لاہور میں ملاقات ہوئی ہے۔ ملاقات کی ملک کی مجموعی صورتحال اور امن و امان کے حکومتی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی، چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کا تعلق براہِ راست عوام کی سہولت، بہتر طرزِ حکمرانی، انتظامی کارکردگی اور ملکی مستقبل سے ہے، انتظامی یونٹس کو مضبوط (بقیہ نمبر 57)

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے پیٹرولیم و گیس کا اجلاس چیئرمین سینیٹر جام سیف اللہ خان دھاریجو کی صدارت میں ہورہا ہے

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف
5000/-
روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے
ویب سائٹ
ہم سے بنوایں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ھے

E-Commerce Website
Price: 6000/-

Call / Whatsapp
0309-7900035